اسماءُ الحسنیٰ جل جلالہٗ
سے تمام دینی و دنیاوی مشکلات کا
روحانی حل
پیرزادہ سید محمد عثمان نوری
محمد جاوید قادری
اللہ
السلام
القدوس
الرحمن
الرحیم
الملک
المومن
الجبار
العزیز
المتکبر
المہیمن
الودود
الغفار

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اسماء الحسنیٰ
تمام دینی و دنیاوی
مشکلات کا روحانی حل

تدوین و تہذیب

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

نوری کتب خانہ نزد جامع مسجد نوری بالمقابل ریلوے اسٹیشن لاہور

042-6366385

2006

ناشر : نوری کتب خانہ، لاہور

طابع : پرنٹ یارڈ پریس، لاہور

NK.146

قیمت 135 روپے

تقسیم کار

نوری کتب خانہ
معصوم شاہ روڈ بالمقابل ریلوے اسٹیشن، لاہور
فون: 042-6366385

نوری بک ڈپو
دربار مارکیٹ گنج بخش روڈ، لاہور
فون: 042-7112917

انتساب

اس ذات احد کے نام

جو تمام عالم انسانیت کو ان کی جملہ تکالیف اور جسمانی و

روحانی بیماریوں سے شفاء کاملہ بخشنے والی ذات جو کہ ستار و

غفار، اکمل و اعلیٰ اور رحمان و رحیم ہے۔

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اَسْمَآئِهٖ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

(الاعراف:۱۸۰)

اور اللہ ہی کے ہیں بہت اچھے نام تو اسے ان سے پکارو
اور انہیں چھوڑ دو جو اس کے ناموں میں حق سے نکلتے ہیں
وہ جلد اپنا کیا پائیں گے (کنز الایمان)

حُسنِ ترتیب

حرف آغاز

اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ کے پاک نام سے شروع جو اپنی مخلوقات کے لئے رحمان ورحیم' یکتا' لاشریک' علیم وخبیر' شافی وکافی اور ہمیشہ سے موجود اور ہمیشہ کے لیے قائم ودائم رہنے والا' ہر شکل صورت سے منزہ حسن میں بے مثال' حجابات قدرت اٹھانے والا' ہر شے کا تخلیق کار اور ہر شے میں بلا امتیاز موجود' ہر حاضر و غائب بات سے آگاہی رکھنے والا اور اپنی حکمت و قدرت سے ہر شے کو شفاءِ کاملہ عاجلہ بخشنے والا' جس کی حکمت بے مثال اور ہر شے پر غالب وہ قادر مطلق ہے اور ہر شے کا خالق و مالک ہے۔

اللہ جل شانہٗ وہ پاک ذات ہے جس نے موت اورحیات کو پیدا فرمایا اور وہی ہر شے کو فنا کر کے پھر زندہ کرنے والا ہے وہ ذات رحیم و کریم جس نے روزِ میثاق کے اقرار کے تحت اس دنیائے خاکی میں انسان کو بھیجا اور اس کے دعویٰ آزمائش کے لئے عوارض اور تکالیف کو بھی ساتھ ہی نازل فرمایا اوراس کے ساتھ ہی اپنی حکمت شفاء کا بھی نزول ان عوارض اور تکالیف کے رفع کرنے کے لئے فرمایا۔

اسی لئے اللہ تعالیٰ عزوجل نے ہدایت' صراط مستقیم اور اعمال زندگی و اخلاق کو سنوارنے کی تلقین کے ساتھ ساتھ شفاء اوراس کے طور طریق بھی نازل فرمائے اوراس بارے میں قرآن پاک میں واضح ارشاد ہے کہ:۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَاهُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ

ہم قرآن پاک میں وہ شے اتارتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہے

ایمان والوں کے لئے (الاسراء: آیت ۸۲)

اللہ تعالیٰ عزوجل نے اپنے پیارے محبوب حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ سے ہمیں قرآن مجید و فرقان حمید کی شکل میں رہتی دنیا تک کے لئے جو ہدایت و شفا بھیجی ہے وہ تعلیمات عمل کے لحاظ سے ہمہ جہت ہیں اس کتاب میں زندگی کے ہر پہلو، ہر شعبے اور ہر امر کے لئے ہدایت وراہنمائی و شفاء کا پورا پورا سامان موجود ہے کوئی امیر ہو یا غریب، بادشاہ ہو یا فقیر، حاکم ہو یا محکوم، جرنیل ہو یا سپاہی، افسر ہو یا ماتحت، غرض کہ معاشرے کے ہر چھوٹے بڑے طبقے کے لئے زندگی گزارنے، عوارض اور تکالیف سے بچنے اور بعداز عوارض و تکالیف لاحق ہونے کے ان سے صحت یابی وشفاء کے لئے بھرپور رہبری اور راہنمائی موجود ہے قرآن مجید و فرقان مجید کی شفاء بنی نوع انسان کے روحانی اور جسمانی دونوں قسم کے امراض کو محیط ہے یعنی اللہ تعالیٰ عزوجل کا یہ کلام جہاں روحانی قلبی امراض کے لئے شفاء ہے وہاں اس میں جسمانی اور ظاہری بدنی امراض و عوارض کے لئے شفاء کاملہ موجود ہے۔

اسی لئے حضور نبی کریم ﷺ نے اپنے صحابۂ کبار رضوان اللہ تعالیٰ علیہم کی روحانی کمزوریوں اور جسمانی بیماریوں کو دور کرنے کے لئے مختلف آیات قرآنی اور اسمائے حسنیٰ بطور نسخۂ شفاء تجویز فرمائے بلکہ خود بھی اکثر ان سے اپنے اوپر دم کر کے امت کے لئے طریقۂ عمل دیا۔

حضور نبی کریم ﷺ کے اسی تعامل کی اقتداء کرتے ہوئے علمائے امت، صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا یہ معمول رہا ہے کہ وہ اپنے حلقۂ اثر میں لوگوں کے مختلف روحانی وجسمانی امراض میں قرآن پاک کی آیات مبارکہ، اسماء حسنیٰ اور حضور نبی کریم ﷺ سے منقول دعاؤں سے علاج تجویز کرتے آئے ہیں اور اس سلسلہ میں انہوں نے بے حد کاوش اور محنت سے کام لیتے ہوئے ان عوارض کا علاج و طریقہ اپنی اپنی قلمی بیاضوں میں مندرج کیا ہے اور یہ تمام مجموعہ ہائے وظائف ایسے ہیں کہ اکثر تو ابھی تک نادر ونایاب ہیں اور جو طبع ہو چکے ہیں اور منظر عام پر آچکے ہیں وہ بھی بڑے ضخیم ہیں جن سے موتی

چننا ہر ایک کے بس کا روگ نہیں ہے۔

چونکہ حق کے لئے نشانیاں اور حقیقت کے لئے پورا نظام الٰہی موجود ہے اور بندوں کے لئے عرفان الٰہیہ کے ساتھ ساتھ رحمان ورحیم ذات پر ایمان لانا ضروری ہے اوراس ذات تک پہنچنے کے لئے وسیلہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہونا بہت ضروری اور مطلوب ہے تاکہ شفائے کاملہ وعاجلہ باآسانی خزینۂ الٰہی سے حاصل ہوسکے۔

اس مادی دور میں ہر انسان کسی نہ کسی پریشانی، مشکل، بیماری اور آزمائش میں مبتلا ہے اور ذہنی ٹینشن کا مریض بنا ہوا ہے اور ان بیماریوں کے شافی حل کے لئے دنیاوی ادویات اور ڈاکٹروں وحکیموں کے پیچھے پھر رہا ہے لیکن شفاء پھر بھی نہیں ملتی اس لئے بہتر یہی ہے کہ بندہ اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور توبہ کرے اور اسی سے شفاء کے لئے مدد مانگے تاکہ بفضلہٖ ان اعمال کے کرنے سے اسے شفاء کاملہ اور عاجلہ جلد از جلد مل سکے اور وہ عوارض سے پاک زندگی گزارنے کے قابل ہوسکے عاجز کی یہی دُعا ہے اور اس کتاب کے تالیف کرنے کا مقصد و منشاء بھی یہی ہے۔

آخیر میں بندۂ عاجز کی یہ عاجزانہ التجا ودُعا بارگاہ ایزدی اللہ تعالیٰ عزوجل میں ہے کہ باری تعالیٰ اپنے اسمائے حسنیٰ اور آیات قرآنیہ کے طفیل اورتوسل حضور نبی کریم احمد مجتبےٰ محمد مصطفیٰ ﷺ سب کو شفاء کاملہ عطا فرمائے اور ان کی تمام مشکلات کو دائما دور فرمائے اور قلبی، روحانی اور جسمانی سکون و رحمت عطا فرما دے۔ (آمین! ثم آمین)

طالبِ دُعا

پیر سید محمد عثمان نوری

محمد جاوید قادری

پیمانہ اوراد و وظائف

☆ سب سے پہلے انسان کو اپنا یقین و توکل ذات باری تعالیٰ پر لوہے کی لٹھ کی مانند مضبوط کرنا چاہیئے اور اس بات کو دل و دماغ میں پختہ کرلینا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل ہی وہ ذات ہے جس کی طرف سے میرے اوپر یہ آزمائش نازل ہوئی ہے اور وہی ذات اس ابتلاء وآزمائش سے بتوسل آقائے رحمت حضور نبی کریم ﷺ نجات دینے والی ہے اوراس ابتلاء وآزمائش میں وہی ذات کافی وشافی اور رحمان ورحیم وکریم ہے۔

☆ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ عزوجل سے مانگا جائے وہ بوسیلہ محبوب رب لعالمین جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ ﷺ، آقائے رحمتِ دوجہان مانگا جائے کیونکہ اس کے بغیر وہ التجا اور فریاد بارگاہ الٰہی میں نہیں پہنچتی اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول ﷺ کا فرمان ہے کہ کوئی دُعا یافریاد اس وقت تک عرش الٰہی پر نہیں پہنچتی جس کے همراہ میرے اوپر درود وسلام شامل نہ ہو وہ آسمان اور زمین کے درمیان لٹکی رہتی ہے اس لئے کثرت درود پاک اختیار کرنا بے حد ضروری ہے تاکہ شفاعتِ رسول اللہ ﷺ کے حقدار بن جائیں۔

☆ رزقِ حلال کمائے اور رزق حلال کھائے حرام روزی سے بچے حرام لباس سے بھی بچتا رہے رزق حلال کے ضمن میں مشکوٰۃ شریف کی ایک حدیث مبارکہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس بدن کو حرام غذا دی گئی وہ جنت میں داخل نہ ہوگا۔

☆ اپنی جسمانی طہارت وپاکیزگی کا ہر طرح سے خیال رکھے مسلم شریف کی حدیث پاک ہے حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ

نے ارشاد فرمایا کہ پاکیزگی نصف ایمان ہے۔

☆ نماز پنجگانہ باجماعت کا پابند ہو۔ بخاری شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ بتاؤ اگر تم لوگوں میں کسی کے دروازے پر نہر ہو اور وہ اس میں روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرتا ہو تو کیا اس کے بدن پر کچھ میل باقی رہ جائے گی؟ صحابہؓ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا ایسی حالت میں اس کے بدن پر بھی میل باقی نہ رہے گی۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ و السلام نے فرمایا: بس یہی کیفیت پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سب گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔

☆ جھوٹ سے پرہیز کرے ہر معاملے میں سچ بولے کیونکہ جھوٹ بولنے کی عادت روحانی قوت کے حصول میں مانع ہے۔ مسلم شریف کی حدیث پاک ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حضور سرور کائناتﷺ نے ارشاد فرمایا ''سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جُھوٹ بولنا فسق وفجور ہے اور فسق وفجور جہنم میں لے جاتا ہے۔

☆ عمل پڑھتے ہوئے شیطانی وسوسے اور فاسد خیالات اپنے قلب سے دُور کیے جائیں اور جس کام کے لیے پڑھ رہا ہے اوّل سے آخر تک اس کا خیال رکھے اور ترکیب عمل اچھی طرح سے معلوم کرے۔

☆ کسی جگہ تنہائی میں جو جگہ پاک صاف ہو وہاں پر بیٹھ کر عمل کرے اور کسی کو اس جگہ پر مداخلت نہ کرنی چاہیئے اپنے گھر کا ایک حصہ علیٰحدہ سے اس مقصد کے لیے منتخب کرے۔

☆ عمل کا آغاز کرتے ہوئے اور عمل ختم کرنے کے بعد کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے کہ فلاں کے لیے یہ عمل کیا ہے۔

☆ عامل ہر طرح کے ناجائز کام کرنے سے پرہیز کرے اور کسی انسان اور حیوان کو ناجائز تکلیف نہ دے۔

☆ فسق وفجور سے پرہیز کرنا بہت ضروری ہے ورنہ اس کی محنت ضائع جائے گی اور خواہ مخواہ عامل اس عمل کی بدنامی کا باعث بنے گا۔

☆ باوضو ہو کر قبلہ رخ بیٹھے قلب اور حوالی قلب میں جہاں تک ہو سکے خشوع و خضوع پیدا کرے ورنہ مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہوگی یعنی روحانی فیوض سے محروم رہے گا۔

☆ جس مقصد کے لیے یہ تعویذ دیا ہے جب وہ کام ہو جائے تو عامل تعویذ دیتے وقت ہدایت کرے کہ تعویذ کو قبرستان میں دفن کر دے یا جاری پانی میں ڈال دے بے ادبی ہرگز نہ کرے۔

☆ تکبر، دھوکہ دہی، خودنمائی، غیبت، ریاکاری اور بے ہودہ باتوں سے عامل ہر وقت دور رہے اور اس سے پرہیز کرے۔

نقش یا تعویذ کی جو زکوٰۃ یا ہدیہ مقرر ہو وہ عمل سے پیشتر لازماً ادا کی جائے۔

☆ ☆ ☆

عمل شروع کرنے سے پہلے ضروری امر

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے توفیق و استعانت اور منظوری کے لئے سات یا گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب حضور رسول کریم ﷺ، آل اولاد و والدین نبی ﷺ، اولیاء امت، جمیع مسلمین اور مسلمات اور اپنے والدین کو بخش کر بوسیلہ جناب احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ آقائے دو جہاں ﷺ انتہائی حضوری قلب اور خشوع و خضوع سے دُعا مانگیں اور پھر اس عمل یا وظیفہ کا ورد شروع کیا جائے تاکہ اس کے اثرات سے کماحقہ استفادہ ہو سکے۔

نوٹ:۔ بعد از حل وشفاء بندۂ عاجز اور اس کے والدین اور بزرگان سلسلہ کے حق میں دعائے خیر سے نوازیں۔ از حد شکریہ)

پیر سید محمد عثمان نوری
محمد جاوید قادری

اعمال:۔

درد شقیقہ

☆ آدھے سر کے درد میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر بنائیں اور اسے خوشبو لگا کر اس پر اسم الٰہی **یَااَللّٰہُ** کا چھیاسٹھ مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور موم جامہ کر کے سر کے درد والے حصّے کی مخالف سمت میں باندھ دیں درد سے فوری آرام آجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ

☆ جس کسی کو درد شقیقہ لاحق ہو تو اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعد از نماز فجر زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر

بنائیں اور اس کو خوشبو لگا کر اس پر اسم الٰہی **یااللہ** چھیاسٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے درد والی جگہ پر پیشانی پر باندھنے سے درد شقیقہ سے بالکل نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

☆ ہمہ اقسام کے درد کے لئے ذیل کا عمل اسم اعظم بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے پیشانی میں دونوں کنپٹیوں کے درمیان ذیل کا نقش باوضو حالت میں انگشت شہادت سے بنائیں اور پھر دونوں کنپٹیوں کو دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھنگلیا سے زور سے پکڑتے ہوئے اس پر سات مرتبہ:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اور گیارہ مرتبہ یااللہ پڑھ کر پھونک لگائیں اور انگوٹھے اور چھنگلیا کو زور سے دباؤ دیتے ہوئے پیشانی کے وسط کی جانب ناک کے پھندنے پر کھینچ کر لے آئیں اور سات مرتبہ اس کو زور سے جھٹکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسی وقت درد کافور ہوجائے گا اور سکون ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ یَااَللّٰهُ

☆ ناقابل برداشت سردرد کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، مفید اور لاجواب ہے۔

عمل بالا نقش میں یااللہ کے نیچے **یَاجَبَّارُ** سات مرتبہ تحریر کریں اور اسی طرح دم کرنے میں **یَاجَبَّارُ** بھی گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسی طرح ہاتھ کو جھٹکیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درد فی الفور کافور ہوجائے گا اور سکون مل جائے گا۔

☆ ذیل کا عمل دردسر کے لئے نافع اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے تین نقوش باوضو حالت میں سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے بنائیں اور ان کو موم جامہ کر کے مریض کے سر پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی برکت سے درد سے نجات مل جائے گی۔

نقوش:۔

(پہلا)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

٨	٨	٨	٨
٨	٨	٨	٨
٨		٨	٨
٨	٨	٨	٨

(دوسرا)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھو اللّٰہ	ھو اللّٰہ
ھو اللّٰہ	ھو اللّٰہ

تیسرا:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

ـه تو ته ـه شه ـه ـه

الٰہی درد سر دور و نیم سر دفع شود

ص ص ص ص ص ص ص ص

☆ درد سر میں مبتلا افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، نفع بخش اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش بعداز نماز فجر یا عصر زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پرایک سو چون مرتبہ **یااللہ یامحمد ﷺ** پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے سر میں باندھ لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے درد سر فی الفور کافور ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ
یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ
یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ
یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ
یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ	یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم	یااللہ

☆ دردِ سر کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور موم جامہ کر کے سر پر باندھیں بعد از آرام کرنے کے ڈیڑھ پاؤ انار شیریں لے کر حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نذر دلائیں بے حد ضروری ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

رقیب ٦	جلیل ١	حفیظ ٨
کبیر ٧	سلام ٥	وکیل ٣
متعالی ٢	حیّ ٩	والی ٤

حدت و بینائی بصرِ چشم

☆ حدت بصرِ چشم کے لئے ذیل کا عمل نافع اور اکسیر ہے۔
اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو کسی چینی کی رکابی پر لکھیں اسے ہری مکو کے عرق سے دھو کر اس میں قدرے افیون گھس کر اس کو آنکھ کے اوپر لیپ کردیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت حدت بصرِ چشم اور ہر قسم کا آشوب چشم رفع ہوجائے گا بے انتہا آزمودہ اور مجرب نسخہ ہے۔
نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر	یا بصیر
یاسمیع	یاسمیع	یاسمیع	یاسمیع
یاحٓمٓ	یاحٓمٓ	یاحٓمٓ	یاحٓمٓ
☒	☒	☒	☒

☆ اگر کسی کی بینائی کسی بھی وجہ سے کمزور ہوگئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے وہ شخص ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر اس پر اسم الٰہی ''یَاظَاھِرُ'' گیارہ سو چھ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے موم جامہ کر کے گلے میں پہنے گا۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی بینائی تیز ہو جائے گی اور اسے آشوب چشم سے واسطہ نہ پڑے گا۔

111 384

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۷۲	۲۸۲	۲۸۳	۲۶۹
۲۷۷	۲۷۵	۲۷۴	۲۸۰
۲۷۳	۲۷۹	۲۷۸	۲۷۶
۲۸۴	۲۷۰	۲۷۱	۲۸۱

کان درد

☆ کان کے ہمہ اقسام درد کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے چینی کی پلیٹ پرذیل کے اسمائے مبارک و کلمات باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے لکھیں اور انہیں روغن گل سے دھوکر کسی شیشی میں سنبھال لیں حسب ضرورت دو تین قطرے کسی چمچ میں لے کر اس کو نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں اور اوپر سے روئی کا پھوہہ رکھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت کان کا درد بند ہوجائے گا اور شفاء حاصل ہوگی۔

کلمات بمعہ اسمائے حسنیٰ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ اَسۡئَالُكَ بِاَسۡمَائِكَ الۡحُسۡنٰى يَاخَالِقُ يَاصَادِقُ يَافَارِقُ يَادَافِعُ يَارَازِقُ

یَاشَافِعُ یَاسَابِقُ سُبْحٰنَکَ یَالَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۝

☆ کان درد کے لئے ذیل کا عمل بے حد زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور موم جامہ کر کے مریض کی دائیں کنپٹی پر باندھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کان درد سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ	یَا حَکِیْمُ

علاجِ مزمن بخار

جو کوئی بھی مزمن بخار میں مبتلا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید، نفع بخش اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اول وآخر درود شریف شفاء سات سات مرتبہ اور اکیس مرتبہ اسم الٰہی **یَـا سَلَامُ** پڑھ کر مریض پر دم کریں اس عمل کو دن میں سات مرتبہ کرنے سے بخار دفع ہو جائے گا اور دوبارہ بفضلہٖ تعالیٰ نہیں ابھرے گا۔

درود شفاء:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ

الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

☆ دائمی بخار کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر روزانہ بنائیں اور سات یوم تک روزانہ ایک نقش کا پانی مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض مکمل شفایاب ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

	اَللّٰهُ	
يَا مُحِـــــــــيْطُ		
	اَللّٰهُ	اَللّٰهُ

☆ دفعیۂ بخار کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے بنائیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں تین دن تک روزانہ ایک نقش بنا کر گلے میں ڈالیں۔ تین دن کے بعد تینوں نقش اتار کر بہتے پانی میں بہادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض کو بخار سے کامل نجات مل جائے گی۔

نقش:۔

☆ اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اس پر اسم الٰہی "یَاذَاالجلال والاکرام" ایک ہزار پچانوے مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو اس کا پانی سات یوم تک مسلسل پلانے سے اس بیماری سے بفضلہٖ تعالیٰ نجات کاملہ مل جائے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (دائیں) — یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (بائیں)

٣٦٤	٣٦٩	٣٦٢
٣٦٣	٣٦٥	٣٦٧
٣٦٨	٣٦١	٣٦٦

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

☆ اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے سفید ریشمی پارچہ پر بنائیں اور اس پر سورہ حٰمٓ السجدہ گیارہ مرتبہ اسی ترتیب سے پڑھ کر دم کریں کہ ابتدائی آیات مبارکہ:۔

حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

کی تکرار ہر مرتبہ گیارہ مرتبہ ہو اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں پہنا دیں نیز اسی ترتیب سے سورہ حٰمٓ السجدہ اکتالیس مرتبہ بمعہ اول و آخر درود شریف ذیل گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کریں اور وقفے وقفے سے یہ پانی مریض کو پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بخار ٹوٹ جائے گا اور مریض رفتہ رفتہ شفایاب ہوجائے گا۔

نقش:۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بَعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِق

جاڑا بخار

(عطیہ از حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

جاڑے بخار کے دفعیہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے کسی چھوٹے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں زعفران و گلاب سے اسم الٰہی **یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ** لکھیں اُس کی گولی بنائیں اور مریض کو کھلا دیں۔ بعد ازاں ایک سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے ذیل کا رقعہ حضور غوث الاعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تحریر کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت جاڑا بخار بہت جلد غائب ہو جائے گا۔

رقعہ:۔

برادرم تپ را غلام میراں محی الدین غوث الثقلین آنکہ اگر درد و بخار خود (فلاں بن فلاں) خواھی ماند فرد اور گور قاضی خوار گرفتار خواھد شد خبر کردن شرطست بگریز

بگریز بگریز

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھیں۔

دل اڑنے کا علاج

دل کے اڑنے کی روک تھام کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید، نافع اور شافی و کافی ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے اسمائے الٰہی کا ورد ایک ہزار مرتبہ بمعہ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی کو دم کریں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا بھی مانگیں پانی دن میں تین مرتبہ پی لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے سات یوم کے اندر اندر اس کیفیت سے مکمل نجات مل جائے گی آزمودہ عمل ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

اسمائے الٰہیہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھُوَ الشَّافِیُ، ھُوَ الْکَافِیُ، ھُوَ الْمُعَافِیُ

بحق

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

دفعیہ آسیب

دفعیہ آسیب کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش چینی کی رکابی پر زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو نہ صرف پلائیں بلکہ اس کے چھینٹے بھی اس کے منہ پر ماریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم صبح و شام اکیس یوم کے عمل سے آسیب سے چھٹکارا مل جائے گا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

نقش:۔

العظیم	العلی	یااللہ	بحق
۱۰۵	۱۱۰	۱۱	۱

فراخی رزق

☆ فراخی رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، نفع بخش اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے بعداز نماز عشاء وتر سے قبل دو رکعت نماز نفل بہ نیت استجاب الرزق اس طریق سے پڑھیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں بعداز سلام پھیرنے کے اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسم الٰہی **یَالَطِیْفُ** ایک سو انتیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور گڑگڑا کر دُعا مانگیں نیز اس کو اپنے ہاتھوں پر دم کر کے گردن کے نزدیک اپنا بایاں ہاتھ پھیر لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل مسلسل کی بدولت اللہ تعالیٰ عزوجل بے پناہ اضافہ رزق میں فرمادیں گے آزمودہ اور مجرب نسخہ ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَآءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ○ اِسْمُہٗ مَکْتُوْب" مَّرْفُوْع" مَّشْفُوْع" مَّنْقُوْش" فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُہٗ مُقَدَّس" مُّعَطَّر" مُّطَھَّر" مُّنَوَّر" فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ○ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْھُدٰی کَھْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ○ جَمِیْلِ الشِّیَمِ ○ شَفِیْعِ الْاُمَمِ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ○ وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَسِدْرَۃُ الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ ○ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَۃٍ لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَۃِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاکِیْنَ ○ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَیْنِ

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ ○ يٰاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا ○

☆ وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بوقت طلوع آفتاب، سورج کی جانب چہرہ کر کے ایک سو چودہ مرتبہ اسم الٰہی **يَاجَامِعُ** اور بوقت عصر **يَامُنْعِمُ يَاجَامِعُ** تین سو چودہ مرتبہ **يَامَنَّانُ يَامُنْعِمُ** دو سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگا کریں۔

اس عمل مسلسل سے بفضل باری تعالیٰ رزق میں بے گمان وسعت پیدا ہوجائے گی اور کسی محتاجی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

☆ وسعت رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب المجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش شرف قمر میں کندہ کروائیں اور اپنے پاس رکھیں عروج ماہ قمر میں اس عمل کو اس طرح شروع کریں کہ اول چار روز تک آیت مبارکہ:

يَارَزَّاقُ تَرَزَّقْتَ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقِكَ يَارَزَّاقُ ۔

تین سو آٹھ مرتبہ اور **اَلْوَهَّابُ** دو سو ستر مرتبہ پڑھیں اس کے بعد روزانہ **يَارَزَّاقُ الْوَهَّابُ** دس مرتبہ، اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد رزق میں بے پناہ اضافہ ہوجائے گا اور کبھی بھی کمی رزق کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

نقش:۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

☆ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں روز بروز اضافہ ہوتا رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل اکسیر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کے اسم الٰہی کو چاندی کی انگوٹھی پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر شرف آفتاب میں کندہ کروا کر اس انگوٹھی کو اپنی انگشت شہادت میں پہنیں۔ پہننے سے قبل اس کا ہدیہ اکیاون روپیہ راہ خدا میں خیرات کر دیں۔

عبارت:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
یَامَنَّانُ ذَاالْاِحْسَانِ قَدْعَلِمُ کُلَّ
الْخَلَائِقِ مِنْہُ یَامَنَّانُ

☆ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے کاروبار میں دن رات ترقی ہوتی جائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اس کو چاہیئے کہ ہر روز اسم الٰہی **یارحمان** دو سو اٹھانوے مرتبہ بعداز نماز فجر اس کا ورد کر کے اپنے کاروبار کے لئے دُعا کرے اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے تیار کر کے خوشبو لگائیں اور اس پر دو ہزار نواسی مرتبہ اسی اسم کاورد کر کے دم کریں اول وآخر ذیل کا درود پاک بھی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور دم کریں اور اس کو گتہ پر چسپاں کر کے کاروبار کی جگہ پر لٹکائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیزالحکیم اس عمل کی بدولت دن بدن کاروبار میں ترقی ہوتی جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۶۷	۸۱	۸۰	۷۰
۷۸	۷۲	۷۳	۷۵
۷۴	۷۶	۷۷	۷۱
۷۹	۶۹	۶۸	۸۲

☆ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے رزق میں بے پناہ اضافہ ہو اور وہ کبھی بھی محتاج نہ ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے اسے چاہیئے کہ ہر روز ہر نماز کے بعد ایک سو انتیس مرتبہ اسم مبارک **یَالَطِیْفُ** اور ایک سو انتیس مرتبہ آیتِ مبارکہ ذیل پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگے اس کے علاوہ اس کا نقش مبارک زعفران وگلاب سے بنا کر خوشبو لگائے اور اس پر ایک ہزار ایک سو انتیس مرتبہ **یَالَطِیْفُ** پڑھ کر دم کریں اور اسے چاندی کی انگوٹھی میں زیرِ نگینہ بنا کر انگشت شہادت میں پہن لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کے رزق میں کبھی بھی کمی نہ ہو گی۔

آیت مبارکہ:۔

اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَشَاءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۴۰	۴۷	۴۲
۴۵	۴۳	۴۱
۴۴	۳۹	۴۶

☆ فراخی رزق اور روزگار کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید، اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل، گیارہ مرتبہ اور اسم الٰہی "**یَامُغْنِیُّ**" گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر اللہ

تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے اندر اندر مقصود حاصل ہوگا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

☆ بے پناہ رزق کے حصول کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر اسم مبارک **"یَاوَارِثُ"** چار ہزار مرتبہ اور درود پاک تاج سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

علاوہ ازیں ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنا کر اس پر روزانہ دم بھی کیا کریں اور اسے لیمنیشن کروا کر اپنے بٹوے میں رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم رزق کی کبھی بھی تنگی واقع نہ ہوگی اور بے پناہ رزق سے اللہ تعالیٰ عزوجل نوازیں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۷۲	۱۸۳	۱۸۴	۱۶۹
۱۷۷	۱۷۵	۱۷۴	۱۸۰
۱۷۳	۱۷۹	۱۷۸	۱۷۶
۱۸۵	۱۷۰	۱۷۱	۱۸۲

☆ فراخی رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔
اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات کو ساعت شمس یا مشتری میں ذیل کا نقش چاندی کی لوح پر نقش کریں اور اس پر اول وآخر درود شریف تاج سات، سات مرتبہ اور اسم الٰہی "**یَامُغْنِیُّ**" گیارہ سو بیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو اپنے پاس بٹوے میں رکھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد رزق میں فراوانی پردۂ غیب سے ہو جائے گی اور کبھی بھی محتاجی نہ آئے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

المغنی (right) — المغنی (left)

٣٧٠	٣٦٢	٣٦٨
٣٦٤	٣٦٧	٣٦٩
٣٦٦	٣٧١	٣٦٣

اُجِبْ یَامَائِیْلُ اُجِبْ

دولت وغنا

☆ جو کوئی بھی اس بات کا خواہاں ہو کہ غنا حاصل کرے اور ہر قسم کے قرضوں سے پاک رہے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔
اس مقصد کے لئے روزانہ تازہ غسل رات کو بوقت تہجد یا بعداز نماز عشاء کرے۔ پھر دو رکعت نماز نفل بہ نیت استجاب الغناء اس طریق سے پڑھے کہ ہر رکعت میں بعداز سورہ فاتحہ،سورہ اخلاص سترہ مرتبہ پڑھے بعداز سلام پھیرنے کے اول وآخر درود پاک

تاج گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ایک سو مرتبہ **یَالَطِیْفُ یَاطَاطَائِیْلُ** پڑھے اور بعدازاں ان کلمات کو دھرائے:۔

یَالَطِیْفُ اُلْطُفِیْ بِلُطْفِكَ یَالَطِیْفُ

دوران ورد ذیل کے نقش کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تیار کر کے خوشبو لگا کر لیمینیشن کر کے اپنے سامنے رکھے اور اس پر مسلسل نگاہ جمائے رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل مسلسل سے بہت جلد غنی ہوجائے گا اور پہاڑ مانند قرضہ بھی اتر جائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ل	ط	ی	ف
ف	ی	ط	ل
ط	ل	ف	ی
ی	ف	ل	ط

☆ حصول دولت و غنا کے لئے ذیل کا نقش بے حد زوداثر، فائدہ مند اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ایک چہار منہ چراغ لے کر اس میں ذیل کا نقش ساعت شمس یا مشتری میں کندہ کروالیں۔

عروج ماہ قمر میں اس عمل کو اس طرح شروع کریں کہ اس چراغ کو دیسی گھی اور چار بتی ڈال کر جلائے پھر اول و آخر درود شریف تاج سات سات مرتبہ اور بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے بعدازاں چراغ کے سامنے بیٹھ کر دو عدد نقوش ذیل کو زعفران

وگلاب سے سفید کاغذ پر تیار کریں ایک نقش آٹے میں گولی بنا کر دریا یا نہر جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دیں اور ایک نقش اپنے پاس سنبھال لیں دوسرے روز تین نقش، تیسرے روز چار نقش غرضیکہ ہر روز ایک نقش بڑھاتا چلا جائے روزانہ ایک نقش اپنے پاس رکھے اور بقیہ نقوش آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالتا رہے اور ایک روز کا پہلے نقوش کے ساتھ سنبھالتا رہے۔

انیسویں یوم بیس نقش تیار کرکے انیس نقوش دریا میں ڈالے اور اسی روز اپنے پاس جمع ہونے والے انیس نقوش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالے روزانہ چراغ بھی جلاتا رہے اور عمل اس طرح ورد میں رکھے کہ بیسویں روز سے روزانہ اس عمل میں انیس نقوش تیار کر کے دریا میں ڈالتا رہے اور چراغ بھی جلاتا رہے جب تک مقصود حاصل ہوجائے تو اس عمل کو بند کردے اور چراغ کو بحفاظت سے سنبھال لے یا کسی اور ضرورت مند کو دے دے۔

نقش:۔

الله	الله	الله	الله
۱۰۲ بسو	۶۶ الله	۳۲۹ الرحمٰن	۲۸۹ الرحیم
حی ۳۴۰ یاقریب	کافی ۲۰۸ یاواصف	۱۰۳ الباسط	۶۵ یادیان
سلطان ۲۸۷ یاواسع	واجد ۳۱۸ یارزاق	۶۸ یامحیی	۴۰ الجلیل
۶۷ یامحیط	۱۰۵ یاعادل	۲۸۶ یارءوف	۳۲۸ یاوھاب یاقدیر
الرحیم	الرحیم	الرحیم	الرحیم

بس م بس م بس م بس م بس م

☆ دولت و غنا کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے رات کو بعداز نماز عشاء اول وآخر درودپاک تنجینا تین مرتبہ بعدازاں:۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْمُغْنِیُّ وَاَنَا الْفَقِیْرُ فَمَنْ یَّدْعُ الْفَقِیْرَ اِلَّا الْمُغْنِیْ

ایک مرتبہ پھر اسم الٰہی **یَامُغْنِیُّ** گیارہ سو مرتبہ پڑھیں بعدہ:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط وَاِذَا سَأَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْب" اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَادَعَانِ وَلْیَسْتَجِیْبُوْلِیْ وَلْیُؤْمِنُوْابِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ یَاغِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَّمَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَّمُوْنِسِیْقَ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَّرَجَائِیْ حِیْنَ یَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ یَاغِیَاثِیْ

ستر مرتبہ بعدازاں درودپاک تنجینا تین مرتبہ پڑھیں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں اور نظارہ الٰہی دنوں میں دیکھیں۔

☆ غنا ومرتبت کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے مگر اس کے لئے اکل حلال اختیار کرنا، امور شرعیہ کی پابندی کرنا، امور منہیہ سے اجتناب کرنا اور پنج وقتہ کی پابندی نماز بے حد ضروری ہے۔

اس مقصد کے لئے نیک ساعت میں ذیل کا نقش چاندی یا سونے کے پترے پر کندہ کروائیں اور بوقت عمل اس نقش کو اپنے سامنے رکھیں لیکن اس بات کا خیال رکھیں کہ بیماری یا کسی اور مجبوری میں بھی اس عمل کو کبھی بھی نہ چھوڑیں بلکہ حتی الوسع پورا کرنے کی کوشش کریں۔

بعداز نماز عشاء اس عمل کو شروع کریں اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ:۔

یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَا تَھْتَدُ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ

پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں ہر تسبیح کے بعد اس نقش پر دم بھی کرتے جائیں اور بعداز عمل اس نقش کو عطر لگا کر سبز ریشمی تھیلی میں بند کر کے اپنی پاکٹ یا بٹوے میں رکھیں اس بات کا خیال رکھیں کہ اس نقش کو کسی بھی حالت میں پینٹ یا شلوار کی جیب میں نہ رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد غنا وعزت مرتبت مخلوق خدا میں حاصل ہو جائے گا۔

نقش:۔

۹۵۲	۹۵۵	۹۵۸	۹۴۴
۹۵۷	۹۴۵	۹۵۱	۹۵۶
	یَا کَبِیْرُ اَنْتَ اللّٰہُ الَّذِیْ لَاتَھْتَدِ الْعُقُوْلُ لِوَصْفِ عَظْمَتِہٖ		
۹۴۶	۹۷۰	۹۵۳	۹۵۰
۹۵۴	۹۴۹	۹۴۷	۹۶۹

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِکَ

☆ تونگری اور دولت مندی کے لئے ذیل کا عمل عجیب الاثر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش شرف شمس میں تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر اسم الٰہی "**یَاغَنِیُّ**" ایک ہزار ساٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس نقش کو دوکان میں لٹکادیں۔اس نقش کا ہدیہ اکتالیس روپے فقراء میں تقسیم کر دیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۵۰	۳۵۸	۳۵۲
۳۵۶	۳۵۳	۳۵۱
۳۵۴	۳۴۹	۳۵۷

☆ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اسے غنا حاصل ہوجائے اور اسے کبھی بھی رزق کی تنگی کا سامنا نہ کرنا پڑے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، فائدہ مند اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور اکل حلال اختیار کرے پھر روزانہ درود پاک تاج گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اس کے ساتھ ہی اسم مبارک اور درود شریف تاج کا نقش ذیل بھی بعداز نماز فجر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تیار کر کے اس

پر خوشبو گلاب کی لگاوے اور روزانہ وقت ورد اپنے سامنے رکھے اور ساتھ ساتھ اس پر بھی دم کیا کرے بعداز ورد اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور صدق دل سے دُعا مانگا کرے۔

اس نقش کو موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کو نہ صرف غنا دینا حاصل ہوگا بلکہ لاکھوں اقسام کے فوائد سے بھی مستفید ہوگا اور کبھی بھی ذلت وخواری سے دوچار نہ ہوگا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

علیؑ	۳۳	۴۱	۳۶
علیؑ	۳۹	۳۷	۳۴
علیؑ	۳۸	۳۲	۴۰
۴۰۷۵	۴۰۷۱	۴۰۶۴	۴۰۷۸
۴۰۶۵	۴۰۷۷	۴۰۷۶	۴۰۷۰
۴۰۸۰	۴۰۶۶	۴۰۶۹	۴۰۷۳
۴۰۶۸	۴۰۷۴	۴۰۷۹	۴۰۶۷

ترقی روزگار

☆ ترقی روزگار وتجارت کے لئے روزانہ کا یہ عمل بے حد نافع، مجرب اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء کسی ایسی جگہ پر برہنہ سر کھڑے ہوں جہاں کسی بھی شے کا سایہ وجود پر نہ پڑتا ہو پھر اول وآخر اکیس اکیس مرتبہ درود شریف ذیل اور اسم الٰہی **یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ** پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ پڑھ کر صدق دل سے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل مسلسل سے روز بروز روزگار یا تجارت میں اضافہ ہوتا جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

☆ ہمہ اقسام کی تجارت کی ترقی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے شرف شمس میں باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر نقش ذیل کو لکھیں اسی طرح تانبے کے پترے پر اس نقش کو کندہ کریں اس پر خوشبو لگائیں اور بہ ترتیب ذیل اسمائے حسنٰی پڑھ کر دم کریں اوّل وآخر درود پاک ذیل بھی اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں کاغذ والے نقش کو موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور تانبے کے پترے کو فریم کروا کر دوکان یا جائے تجارت پر دائیں دیوار کے اوپر لٹکا دیں۔

اسی طرح ہر روز بعداز نماز عشاء اسی ترتیب سے ان اسمائے حسنٰی کو بمعہ اول و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا بھی مانگتے رہیں۔

...رود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھْرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنَ

...م الٰہی:۔

یَاغَنِیُّ = ۱۰۶۰ مرتبہ

یَارَزَّاقُ = ۳۰۸ مرتبہ

یَافَتَّاحُ = ۴۸۹ مرتبہ

یَابَاسِطُ = ۷۲ مرتبہ

...ش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یاغنی	یارزاق	یافتاح	یاباسط
یاباسط	یافتاح	یارزاق	یاغنی
یارزاق	یاغنی	یاباسط	یافتاح
یافتاح	یاباسط	یاغنی	یارزاق

...ٹ:۔ نقش کا ہدیہ اکیاون روپیہ فقراء میں خیرات کردیں۔

☆ کاروبار میں ترقی کے لئے ذیل کا عمل زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لئے اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسمائے الٰہی:۔

یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیُّ

ایک سو ایک مرتبہ بعداز نماز عشاء اور نماز فجر پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے مقصود حاصل ہو گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

☆ بعداز نماز تہجد اول وآخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسمائے الٰہی:۔

یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ

تین سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل بلاناغہ سے مقصود حاصل ہوگا۔

☆ ترقی رزق کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز ہر نماز ذیل کے اسمائے مبارکہ کا ورد سات مرتبہ اول وآخر درود شریف تحیناً تین تین مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُ

ہیں۔

اسمائے مبارکہ:۔

یَااَللّٰهُ یَاسَمِیْعُ یَاحَلِیْمُ یَاسَرِیْعَ الْحِسَابِ یَاوَاسِعُ یَامُذِلُّ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یَامُتَعَالُ یَاعَزِیْزُ یَاغَفُوْرُ یَابَاعِثُ یَافَعَّال "لِمَا یُرِیْدُ یَارَافِعُ یَامُعِیْدُ یَامَانِعُ یَانَافِعُ یَاجَامِعُ یَابَدِیْعُ

☆ اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نمازعشاء اول وآخر درود شریف تاج اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی **"یاوھاب"** چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگا کریں۔

ورد شروع کرنے سے پہلے ذیل کا عزیمت بھی دس مرتبہ پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے اندر اندر رزق میں بے پناہ ترقی ہوگی اور غنی ہوجائیں گے۔

عزیمت:۔

یَارُقْتَمَائِلُ وَاَقْسَمْتُ عَلَیْکُمْ وَاَغْنِنِیْ عَلَیْکُمْ بِحَقِّ یَاوَهَّابُ

بچہ دودھ پینے لگے

اگر کوئی نومولود یا معصوم بچہ ماں کا دودھ بالکل نہ پیتا ہو اور بھوک کے ہاتھوں بلکتا ہوتو ایسے میں اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے باوضو حالت میں بنائیں اور اسے شیرِ مادر سے دھو کر بچے کو وقفے وقفے سے ایک ایک چمچ کر کے

پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچہ ماں کا دودھ پینے لگے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قیوم	قیوم	قیوم	قیوم
قیوم	قیوم	قیوم	قیوم

نوٹ:۔ق، و، م کے حروف کے سر کھلے رہیں۔

استقرار حمل

☆ اگر کسی کی بیوی کے ہاں حمل نہ ٹھہرتا ہو اور بار بار ساقط ہوجاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ذیل کے نقوش مشک وزعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر لکھیں۔ ان میں سے اول نقش چھ عدد تیار کرنے ہیں جبکہ دوم نقش ایک عدد تیار کرنا ہے۔

عورت جب پاک صاف ہوجائے تو تازہ غسل کر کے اول نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور نقش دوم پر ایک سو گیارہ مرتبہ اسم الٰہی **یَا مُصَوِّرُ** پڑھ کر دم کرے اور اس کو اپنے زیر ناف پیٹ پر باندھ لے۔بقیہ پانچ عدد نقوش اول روزانہ پانی میں حل کر کے پی لیا کرے۔ پانچ یوم کے بعد مرد اور عورت رات کو باہم صحبت کریں اور صبح کو غسل جنابت کر لیں اور بعدازاں نماز فجر ادا کر کے اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا فرمائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اول تو پہلے ہی ماہ دامن مراد حاصل ہوگا اور حمل صحیح و

سلامت ٹھہر جائے گا یا پھر دوسرے اور تیسرے ماہ بھی یہی عمل کرنے سے مکمل رحمت الٰہی سے مستفید ہونگے۔

نوٹ:۔ان نقوش کا ہدیہ اکیاون روپیہ راہ الٰہی میں خیرات کردیں۔

نقش اوّل:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۸	۴۱	۴۴	۱
۴۳	۲	۷	۴۲
۳	۴۶	۳۹	۶
۴۰	۵	۴	۴۵

نقش دوم:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

یا م صو ر ۶	یا م صو ر ۱	یا م صو ر ۸
یا م صو ر ۷	یا م صو ر ۵	یا م صو ر ۳
یا م صو ر ۲	یا م صو ر ۹	یا م صو ر ۴

نوٹ:۔ نقش دوم میں مصور کی م، ص اور و کے منہ کھلے رہیں اور نقش میں دی گئی چال کے مطابق نقش تیار کریں۔

☆ استقرار حمل کے لئے ذیل کا نسخہ لاجواب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو بعداز نماز فجر چاندی کے پترے پر کندہ

کروالیں اور اس پر اول وآخر درود شریف شفاء اور نقشوں میں دیئے گئے اسمائے مبارکہ کا نو سو پچپن مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور اس نقش کو کسی سبز کپڑے کے غلاف میں لپیٹ دیں اور اس کو عورت اپنے زیر ناف باندھ لے روزانہ اس نقش کو اس غلاف میں سے نکال کر پانچ منٹ تک اسی کو پانی میں بھگو کر بسم اللہ شافی کے ساتھ پی لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بہت جلد مقصود حاصل ہو جائے گا۔

نقش:۔(سامنے کی جانب)

پشت کی جانب:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۸	۴۴	۴۷	۱
۴۶	۲	۷	۴۵
۳	۴۹	۴۲	۶
۴۳	۵	۴	۴۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یاباقی	یاحق	۱۱۵
یاجامع	۱۱۲	یاعلی
یاحنان	یاقوی	یاکافی

الٰهی بحرمه راجی سیّد شاه ابراهیم عبدالحی سن بابا حسام حضرت شاه نور قطب عالم پند وه مسماة فلانیه بنت فلانیه رافر زند تولد شود

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِیَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

☆ اگر کسی عورت کا حمل قرار نہ پاتا ہو یا حمل ہونے کے بعد جلد ساقط ہوجاتا ہو تو ایسی عورت کے لئے یہ عمل نہایت آزمودہ اور تیر بہدف ہے۔

اس مقصد کے لئے چاند کی پہلی جمعرات کو باوضو حالت میں بعداز نماز فجر اول لوبان کی دھونی رچائے پھر سات مرتبہ درود پاک ذیل پڑھے بعدازاں اکیس مرتبہ آیت الکرسی

☆ جس کسی عورت کا حمل ضائع ہوجاتا ہو اور وہ اولاد کی نعمت سے محروم ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں، خوشبو لگائیں موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں اس طرح باندھیں کہ نقش رحم پر پڑا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت حمل قائم رہے گا اور اللہ تعالیٰ عزوجل اولاد صالح کی نعمت سے نوازیں گے۔

نقش:۔

اللہ		اللہ
محمد ﷺ		محمد ﷺ
محمد ﷺ		محمد ﷺ

(نقش میں ایک ایک لفظ "محمد ﷺ" دو عمودی اور دو افقی بار لکھا ہے، اور اوپر دونوں طرف "اللہ" لکھا ہے۔)

☆ جس کسی عورت کو کسی بھی وجہ سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ عورت سات دن برابر بعداز فراغت ماہواری سیب کے

سات قلتوں پر اسم الٰہی "یَامُنْعِمُ" لکھ کر کھائے اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر موم جامہ کر کے عورت کے ناف کے مقام پر باندھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصود حاصل ہوگا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴۲	۵۶	۵۳	۴۹
۵۴	۴۸	۴۳	۵۵
۴۷	۵۱	۵۸	۴۴
۵۷	۴۵	۴۶	۵۲

کبھی بھی تھکاوٹ نہ ہو

انتہائی محنت شاقہ اور بھاگ دوڑ کرنے والے حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے اس سے خواہ وہ کتنی ہی محنت ومشقت کیوں نہ کرے کبھی بھی تھکاوٹ نہ ہوگی۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں سفید کاغذ پر بنائیں اس پر خوشبو لگائیں اور اسی نقش کے اسم ہائے الٰہیہ کو پانچ سو پانچ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر کے اپنی کمر میں باندھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کبھی بھی تھکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے گا نہایت مجرب اور مفید عمل ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم
مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی

برائے حصول کشف مراد

☆ بفرمودہ حضرت سید نظام الدین اولیاء ذیل کا عمل برائے حصول کشف مراد بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے اس عمل کو ماہ قمری کے عروج میں ایک وقت مقرر کر کے رات کو بہ درج ذیل طریقہ سے کریں۔ اول و آخر ذیل کا درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

شب یکشنبہ = يَاوَاحِدُ يَااَحَدُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب دوشنبہ = يَاصَمَدُ يَافَرْدُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب سہ شنبہ = يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب چہار شنبہ = يَاحَنَّانُ يَامَنَّانُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب پنجشنبہ = يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب جمعہ = يَااَللّٰهُ يَارَحْمٰنُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

شب شنبہ = یَارَحمٰنُ یَارَحِیمُ ...... ۲۰۰ مرتبہ

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَھرًا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الاَوَّلِینَ وَالاٰخِرِینَ فِی المَلَاءِ الاَعلٰی اِلٰی یَومِ الدِّینَ

نقش اول:۔(سامنے کی طرف)

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَللّٰہ اَللّٰہ

مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر
الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک
الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک
الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن
علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم
خبیر	باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم
باسط	کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر
کبیر	لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط
لطیف	قدیر	مالک	الملک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر
قدیر	مالک	املک	الرحمٰن	الرحیم	علیم	خبیر	باسط	کبیر	لطیف

نقش دوم:۔(پشت کی طرف)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸۴۶۱	۸۴۶۵	۸۴۶۸	۸۴۵۴
۸۴۶۷	۸۴۵۵	۸۴۶۰	۸۴۶۶
۸۴۵۶	۸۴۷۰	۸۴۶۳	۸۴۵۹
۸۴۶۴	۸۴۵۸	۸۴۵۷	۸۴۶۹

نوٹ:۔اس نقش کا ہدیہ ایک سو ایک روپیہ راہ خدا میں خیرات کردیں۔

☆ صاحب کشف بننے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ماہ رجب، ماہ شعبان اور ماہ رمضان میں اسم الٰہی **"یَانَافِعُ"** کو سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھ کر ذیل کے نقش پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا بھی مانگیں۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسے غیبی مشاہدات بکثرت ہونگے اور وہ اپنے، دوسروں کے ماضی و حال اور مستقبل کے بہت سے معاملات سے بذریعہ کشف آگاہی حاصل کرے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۵	۵۶	۵۸	۴۲
۵۱	۴۹	۴۷	۵۴
۴۶	۵۳	۵۲	۵۰
۵۹	۴۳	۴۴	۵۵

نقش معظم

ذیل میں اسمائے الٰہیہ کا نقش معظم دیا جارہا ہے اس کے مطابق سامنے اور پشت پر بہ طریق ذیل سے نقوش بنائیں اور تاحیات ان سے دنیا بھر کے ہر کام کے لئے فائدہ حاصل کریں۔ یہ عمل بالخصوص روحانی عطیہ سیدنا غمرت علی شاہ قادری مدنیؒ کا ہے اور ازحد آزمودہ اور مجرب المجرب ہے (فقیر کی طرف سے سب کو اجازت استعمال دی جاتی ہے)

اعمال نقش:۔

1۔ برائے امراض

ہر قسم کے امراض کے لئے اس نقش معظم کو چاندی کے پترے پر نیک ساعت قمر میں کندہ کروا کر اس پر سوا لاکھ مرتبہ تمام اسمائے الٰہیہ بمعہ اول وآخر درود شریف ایک سو ایک مرتبہ ورد کر کے سنبھال لیں۔

جب بھی کوئی فرد کسی بیماری میں مبتلا ہو تو اس نقش کو عرق گاؤ زبان میں بھگو دیں پندرہ منٹ کے بعد اس عرق پر اکتالیس مرتبہ انہیں اسمائے الٰہی کا ورد بمعہ درود شریف شفاء اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مریض کو ان الفاظ کے ساتھ دن میں تین مرتبہ پلادیا کریں۔

الفاظ:۔

یَااِلٰھِیْ اِشْفِ اِیْنِ عِلَّةٍ (یہاں مرض کا نام لیں) وَشَفَاءُ لَکَ بِحَقِّ اِسْمَآءِ لَکَ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوْلُ اللّٰهِ

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین سے اکیس یوم کے اندر اندر بڑے سے بڑے مرض سے شفاء کاملہ عاجلہ ل جائے گی بعداز شفاء فقراء میں اس نقش کا ہدیہ پانچ صد پانچ روپے تقسیم کر دیں۔

درود شفاء:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

2۔ برائے تجارت و رزق

حسب طریق اس نقش کو چاندی کے پترے پر شرف شمس میں ساعت شمس یا مشتری میں باوضو حالت میں کندہ کروائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ رجعت نہ ہو بعدازاں حسب بالا اس پر سوا لاکھ مرتبہ ان اسمائے الٰہیہ کا بمعہ اول وآخر درود پاک ذیل ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر کے جائے تجارت یا دوکان پر قبلہ رخ دیوار پر لٹکا دیں اور اس کا ہدیہ مبلغ پانچ صد پانچ روپیہ فقراء میں خیرات کر دیں۔

ہر ماہ آئندہ منافع میں سے ایک فیصد نفع سے نیاز الٰہی پکوا کر راہ الٰہی میں تقسیم کر دیا کریں کاروبار میں بفضلہٖ باری تعالیٰ بے حد اضافہ ہوجائے گا اور کبھی بھی تنگدستی یا محتاجی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ وَلَمْعَةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَمَعْدَنِ الْاَسْرَارِ الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَائِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطَفَائِيَّةِ صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ السَّنِيَّةِ الرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مِنَ الدَّرَجَةِ النَّبِيُّوْنَ

تَحْتَ لِوَائِهٖ فَهُمْ مِنْهُ وَاِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ عَدَدَ مَاخَلَقْتَ وَرَزَقْتَ وَاَمَتَّ اِلٰى يَوْمِ تُبْعَثُ مَنْ اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

3۔ برائے دائمی حفظ و امان

حسب طریق اس نقش کو شرف قمر میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنائیں اور اس پر خوشبو لگا کر اس پر ان اسمائے الٰہیہ کا ورد بمعہ ایک سو ایک مرتبہ اول وآخر درود شریف تحیناً اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے گلے میں پہن لیں اور اس نقش کا ہدیہ اکیاون روپیہ فقراء میں خیرات کردیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہمہ اقسام کے آفات و بلیات و حادثات سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون رہیں گے۔

4۔ برائے دائمی موافقت زوجین

زوجین میں دائمی موافقت کے لئے حسب طریق اس نقش کو شرف زہرہ میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر ان اسمائے حسنہ کا ورد تین سو تیرہ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس کو پانی کی بوتل میں ڈال لیں اس بوتل سے اکتالیس یوم تک پانی بیوی اور خاوند صبح وشام پیتے رہیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ان کے درمیان انمٹ محبت پیدا ہو جائے گی اور کبھی بھی اس میں رخنہ نہ آئے گا اور نہ ہی ان کا کوئی دشمن کبھی رخنہ پیدا کر سکے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

الْحَبِيبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظَمَةِ ذَاتِكَ

5۔ برائے مرگی

حسب طریق اس نقش کو ساعت مریخ میں سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تحریر کریں اور اس پر اول وآخر درود شریف شفاء اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور ان اسمائے حسنیٰ کا ایک سو تیرہ مرتبہ ورد کر کے خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اکیس سے اکتالیس یوم کے اندر اندر مکمل صحت یابی مل جائے گی۔
اس نقش کو بعداز صحت یابی سنبھال کر رکھیں پھر کسی اور وقت کام آئے گا بعداز شفاء مکمل نیاز الٰہی حسب توفیق پکا کر غرباء میں تقسیم کر دیں۔

6۔ برائے جنون و پاگل پن و ہسٹریا

حسب طریق اس نقش کو ساعت عطارد میں تانبے کے پترے پر کندہ کروائیں اور اس پر اول وآخر درود شریف تنجینا ایک سو ایک مرتبہ اور ان اسمائے حسنیٰ کا ورد ایک ہزار ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو مریض کے گلے میں اس طریق سے ڈال دیں کہ نقش اس کے دل پر پڑا رہے اس کے لئے کسی پٹی کو نقش کے اوپر باندھ دیں۔
اسی طرح ایک نقش سفید کاغذ پر بھی اسی ساعت میں زعفران وگلاب سے بھی بنالیں پہلے نقش پر دم کرتے ہوئے اسی نقش پر بھی دم کریں اور اس نقش کا پانی اکتالیس یوم تک مریض کو صبح و شام پلائیں۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض بہت جلد جنون و ہذیان سے چھٹکارا پاکر ہمیشہ کے لئے صحت یاب ہوجائے گا اور دوبارہ اس مرض میں کبھی بھی مبتلا نہ ہوگا۔

7۔ برائے ادائیگی قرض و وصولی

بالا قاعدہ نمبر 2 نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تیار کریں اور اسی طرح

ورد کر کے دم کریں اور اسی نقش کو روزانہ ہاتھ میں بعداز نماز مغرب فجر و عصر لے کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور ادائیگی وصولی قرض دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے عمل مسلسل سے پردۂ غیب سے قرض کی ادائیگی یا وصولی کا بندوبست ہوجائے گا بعداز فراغت قرض یا وصولی قرض آٹھ نفل شکرانہ الٰہی ضرور ادا کریں۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سِرًّا وَّجَهْرًا اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِى الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ

8۔ حفاظت گھر از سحر و جنات وغیرہ

اس مقصد کے لئے حسب طریق ساعت عطارد یا مریخ میں تانبے کے پترے پر اس نقش کو کندہ کروا کر اس پر اول وآخر درود شریف ذیل ایک سو ایک مرتبہ اور ان اسمائے حسنیٰ کا تین ہزار تین سو تینتیس مرتبہ ورد کر کے آسیب زدہ یا سحر زدہ کے گلے میں ڈال دیں۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ سے اکیس یوم میں اس سے ہمیشہ کے لئے نجات کلیہ مل جائے گی۔

اگر گھر میں ایسا اثر ہو تو اس نقش کو گھر کے مین دروازے کے اوپر دیوار پر لٹکا دیں تمام آسیب و بلاؤں سے گھر محفوظ و مامون اور پاک ہو جائے گا بے حد آزمودہ، مفید و مجرب عمل ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ بِقَدْرِ حُسْنِهٖ وَجَمَالِهٖ

نقش:۔

ھو اللطیف الخبیر

ھو الحی القیوم

۵۳۶۴	۵۳۵۳	۵۳۷۶	۵۳۶۵	۵۳۸۲	۵۳۴۷
۵۳۵۱	۵۳۷۸	۵۳۶۶	۵۳۷۵	۵۳۵۸	۵۳۵۹
۵۳۷۳	۵۳۶۸	۵۳۵۴	۵۳۶۳	۵۳۴۸	۵۳۸۱
۵۳۶۷	۵۳۷۴	۵۳۸۰	۵۳۴۹	۵۳۶۰	۵۳۵۷
۵۳۵۵	۵۳۶۲	۵۳۵۰	۵۳۷۹	۵۳۷۰	۵۳۷۱
۵۳۷۷	۵۳۵۲	۵۳۶۱	۵۳۵۶	۵۳۶۹	۵۳۷۲

ھُوَ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ

الفت و محبت

☆ حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے پان پر **اَللّٰہُ الصَّمَدُ** لکھ کر ایک ہزار مرتبہ **اَلصَّمَدُ** اول وآخر درود شریف ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مطلوب کو کھلا دیں۔ مطلوب بے چین و بے قرار ہوگا۔ بے حد آزمودہ عمل ہے۔

☆ جو کوئی اس بات کا متمنی ہو کہ وہ جس جگہ پر بھی جائے اس کی عزت وتوقیر ہو اور لوگ اس سے الفت ومحبت کریں تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ

مند، نافع اور اکسیر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

مرض ام الصبیان

جو بچہ ام الصبیان کے مرض میں مبتلا ہو اور کسی طور پرآرام نہ پاتا ہو تو ایسے میں اس کی صحت یابی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش شرف مشتری میں تانبے کے پترے پر کندہ کروا کر اس پر اسم الٰہی "یامُذِلُّ" سات سو سترہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اسے سبز کپڑے میں بند کر کے بچے کے گلے میں ڈال دیں۔

نقش ڈالنے سے قبل حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بچہ بہت جلد صحت یاب ہوجائے گا اور ام الصبیان کا مرض جاتا رہے گا۔

نقش:۔

یَامُذِلُّ کُلُّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ
یَامُذِلُّ یَامُذِلُّ یَامُذِلُّ

کان میں پھنسی پھوڑا ہونا

جس کسی کے کان میں پھنسی پھوڑا ہو گیا ہو اور درد کے ہاتھوں بُرا حال ہو تو ...ے میں اس کے علاج کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ایک ہزار مرتبہ اسم الٰہی **"یا سمیع"** پڑھ کر روئی کے ... پر دم کر کے روئی کو کان میں دبالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت تین تا سات دن کے اندر اندر ...س تکلیف سے نجات پا جائے گا۔ بے حد مجرب اور مفید ہے۔

عقل و فہم کی زیادتی

عقل وفہم کی زیادتی کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو بعداز نماز عشاء اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسم الٰہی **"یَاحَاکِمُ"** سات سو اسی (780) مرتبہ پڑھنا اپنا ...معمول بنالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ عزوجل بے پناہ عقل و ...م سے نوازیں گے اور ہر ایک کی نظر میں عقل و دانش کا مرجع بن جائیں گے اور ہر ایک ...پ کے مشورہ کو قدر کی نگاہ سے دیکھے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

چوری کا مال برآمد ہو

جس کسی کا کوئی سامان چوری ہوگیا ہو اور اس کی برآمدگی چاہتا ہو تو ایسے میں

ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بعداز نماز عصر سفید کاغذ پر بنائیں اس کے اندر سامان گمشدہ کی تفصیل لکھی جائے اور اس پر اسم مبارک یا حق ایک سو آٹھ مرتبہ پڑھ کر دم کریں بعدازاں نصف رات کو اٹھ کر تازہ وضو کے ساتھ کھلی جگہ برہنہ سر کھڑے ہوں اور اس نقش کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر آسمان کی جانب بلند کریں اور پھر اسی اسم مبارک یا حق کا ایک سو آٹھ مرتبہ ورد کر کے خلوص دل سے سامان کی برآمدگی کے لئے اس اسم کو شفیع بنا کر دُعا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد سامان کا اتہ پتہ نہ صرف چل جائے گا بلکہ مال برآمد ہو جائے گا۔

نقش:۔

مفرور کی واپسی

جو شخص یا بچہ گھر سے بھاگ گیا ہو اس کی واپسی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید

گتہ پر لکھ کر اس کو انار کے درخت پر لٹکا دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بھاگا ہوا فوراً واپس آئے آزمودہ عمل ہے۔

نقش:۔

ھا
یَا اَللّٰہُ یَا آاَلفِّ
ھــــــــــــروح
یَا اَللّٰہُ یَا آاَلفِّ
ھا

الٰھی بحق ایں نقش مفرور فلاں بن فلاں بے قرار شود
زود بیاید زود بیاید زود بیاید

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ مفرور اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

امور زندگی میں باقاعدگی پیدا ہونا

امور زندگی میں باقاعدگی پیدا کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے اسم الٰہی ''یَـا اَکْبَرُ'' دو صد تیئس مرتبہ (223) بمعہ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ ہر فرض نماز کے بعد پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

بفضل باری تعالیٰ زندگی کے کسی امر میں نہ تو رکاوٹ پیش آئے گی اور نہ ہی کوئی امور پس درپیش کی نظر ہوگا بلکہ ہر کام اپنے مقررہ وقت پر انجام پایا کرے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

شرِ شیطان سے حفاظت

شرِ شیطان سے حفاظت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر باوضو حالت میں بنائیں اور اس نقش کو روزانہ بعداز نماز فجر اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر اسم الٰہی:۔

یَاحَافِظُ حِفْظٌ بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

کی تکرار طلوع آفتاب تک کرتے رہیں اس کے بعد "یَـاحَـافِظُ" نو سو ننانوے مرتبہ پڑھ کر اپنے پورے وجود پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا بھی مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہمہ اقسام کے شرِ شیطان سے بفضل باری تعالیٰ محفوظ ومامون رہیں گے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ			
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ
یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ	یَاحَافِظُ

سخت مصیبت سے نجات

جو کوئی کسی سخت مصیبت و مشکل میں مبتلا ہو اور نجات کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز عشاء سر سجدے میں رکھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل

کے حضور اسم الٰہی "یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" کا ہزار مرتبہ ورد کر کے بطور شفاعت نذرانہ پیش کرے اور اپنے لئے دُعا مانگے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے عمل مسلسل سے بفضل باری تعالیٰ وہ مصیبت و مشکل رفع ہوجائے گی۔

لاعلاج مرض کا علاج

لاعلاج مرض میں مبتلا حضرات جن کو ڈاکٹر، حکیم جواب دے چکے ہوں ان کے لئے ذیل کا عمل بے حد سریع الاثر ہے۔
اس مقصد کے لئے روزانہ رات کو اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور آیات شفاء اکتالیس مرتبہ، سورۃ فاتحہ بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی "یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ" پانچ صد انانوے (589) مرتبہ پڑھ کر مریض کو نہ صرف دم کریں بلکہ اسے پانی پر بھی بنا کر پینے کے لئے دیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مریض مکمل صحت یاب ہوجائے گا یہ عمل بلاناغہ اکتالیس یوم تک جاری رکھیں۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِیَآئِھَا وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ وَّخَلَائِقَ

ہر آزمائش سے نجات

دنیاوی و دینی آزمائش جس میں دوست احباب، عزیز و اقارب، والدین، بہن

...ائی سب منہ پھیر چکے ہوں اور نجات کی کوئی راہ نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل ...جواب اور اکسیر اعظم ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے ساعت شمس یا مشتری میں ...ائیں اوراس نقش کو اپنے دائیں ہاتھ میں رکھ کر طلوع آفتاب کے سامنے چہرہ کر کے ...ڑے ہوجائیں اور نقش کو اپنے سامنے رکھیں۔

اول وآخر درودپاک ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی **"یاقدیر"** سولہ ...رتبہ پڑھ کر پھر ایک تسبیح:۔

یَا اَللّٰهُ یَاقَدِیْرُ

قدرت تیری کی حکمت ہے نرالی

بے بسی میری دور فرما قدرت اپنی کا رنگ دکھا

نجات مجھے دے اس مشکل سے یامشکل کشا

(یہاں مشکل کو مدنظر رکھیں)

بحق لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوْلُ اللّٰهِ

پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں جیسے جیسے سورج بلند ہوتا ...جائے گا مشکل و مصیبت کے اثرات بفضل باری تعالیٰ ختم ہوتے جائیں گے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے وہ مشکل اور مصیبت ...مل طور پر ختم ہوجائے گی بعدازاں نجات مشکل نیاز حضرت غوث الثقلین ضرور بالضرور ...قسیم کردیں اور چار رکعت نماز نفل شکرانہ الٰہی ادا کریں۔

...درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ یَارَبَّنَا یَاکَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اللہ	ر	ی	د	ق
۸۴	۷۱	۷۸	۸۱	د
۷۷	۸۲	۸۳	۷۲	ی
۷۹	۷۶	۷۳	۸۶	ر
۷۴	۸۵	۸۰	۷۵	اللہ

اجب عطرئیل بحق قاف زیر

حصّول منصب

حصول منصب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں بنائیں اور اس پر ہر فرض نماز کے بعد اسم الٰہی "مَـلِكُ" نوے مرتبہ پڑھ کر دم کیا کریں اور اسے اپنی ٹوپی کے اندر رکھا کریں نیز اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا بھی مانگیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم نہ صرف مقصود بہت جلد حاصل ہوگا بلکہ اس منصب پر ہمیشہ کے لئے فائز بھی رہیں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ملک

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

میم

اُجب رومائیل بحق میم

مَلِکَ

علوم ظاہری وباطنی کا حصول

علوم ظاہری وباطنی کے حصول اور ان میں عبور حاصل کرنے کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفیداور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ایسا فرد روزانہ رات کو بعداز نماز عشاء اسم الٰہی **"یَاعَالِمُ"** کا ورد پانچ سو مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اپنے سینے مبارک پر پھونک لگایا کرے اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا بھی مانگا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیزِ الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد وہ تمام ظاہری و باطنی علوم پر حاوی ہوجائے گا اور اسے کسی بھی قسم کے علوم کے حصول میں پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ مَا جَمِيْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

مرض جریان

مرض جریان میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید، فائدہ منداور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو بعداز نماز فجر ایک گلاس یا پیالی پانی پر ذیل کے اسمائے الٰہی پڑھ کر دم کریں اور طلوع آفتاب سے قبل نہار منہ شمالی جانب منہ کر کے بیٹھ کر اس پانی کو تین گھونٹ میں آہستہ آہستہ پی لیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تھوڑے عرصہ کے عمل مسلسل سے اس مرض سے مکمل نجات مل جائے گی عمل کے دوران گرم، بادی اور قابض اشیاء سے مکمل پرہیز کریں۔

اسمائے الٰہیہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَاشَافِىُ يَاشَافِىُ يَاشَافِىُ

يَاكَافِىُ يَاكَافِىُ يَاكَافِىُ

يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ يَاوَدُوْدُ

يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ

شریر اور بدچلن بچوں کا علاج

☆ جو بچے شریر اور بدچلن ہو گئے ہوں ان کے موثر علاج اور انہیں راہ راستی پر لانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے مٹی کے کورے پیالے کے اندر ذیل کی عبارت اسم الٰہی **"یَاحَمِیْدُ"** سات مرتبہ لکھیں اور ایسے بچے کو روزانہ اس میں پانی صبح و شام پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسا بچہ کچھ عرصہ کے مسلسل عمل سے مکمل درست ہو جائے گا۔

عبارت:۔

یَاحَمِیْدُ الْفَعَّالُ ذَاالْمَنِّ عَلٰی جَمِیْعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِه یَاحَمِیْدُ

☆ جو بچے بری عادات کے شکار ہوں ان کو راہ راستی پر لانے اور بری عادات چھڑانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش باوضو حالت میں نیک ساعت میں زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس پر دو سو مرتبہ اسم الٰہی **"یَاهَادِیُ"** کا ورد کر کے دم کریں اور اس نقش کو پانی سے دھو کر پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بیس یوم کے عمل مسلسل سے بری عادات سے وہ بچہ چھٹکارا پا جائے گا۔

نوٹ:۔ فلاں بن فلاں کی جگہ بچے اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۳	۱۱	٦
۹	۷	۴
۸	۲	۱۰

یاالٰہی یا ھادی فلاں بن فلانہ کو
فلاں برے کام سے نجات عطا کر

بُرے افعال سے نجات

جو کوئی بھی بُرے افعال میں مبتلا ہو اور کسی طرح اس کی جان ان سے نہ چھوٹتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور سریع الاثر ہے۔

اس مقصد کے لئے اسے روزانہ بعداز ہر فرض نماز اول وآخر درودپاک ذیل اکیس اکیس مرتبہ اور اسم الٰہی "**یَامَحۡمُوۡدُ**" اٹھانوے مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنا لے اگر ایسا نہ کرسکتا ہو تو کھلا "**یَامَحۡمُوۡدُ**" کا ورد رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم انتہائی تھوڑی مدت میں تمام بُرے افعال سے توبہ کر کے نیک خصلت انسان بن جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الۡقُلُوۡبِ وَدَوَائِھَا وَعَافِیَۃِ الۡاَبۡدَانِ وَشِفَآئِھَا وَنُوۡرِ

الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ
بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

مرض نسیان سے چھٹکارا

بفرمان حضور رسول کریم ﷺ مرض نسیان سے چھٹکارا پانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے روز پنجشنبہ روزہ رکھے اور اس روزہ کو کسی بھی چینی کے پیالے پر:۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَ

لکھ کر پانی سے دھو کر اس پانی سے افطار کرے تو اس کا مرض نسیان فوراً رفع ہو اور وہ جو شے بھی یاد کرے کبھی بھولنے نہ پائے گا۔

سانپ کے کاٹے کا علاج

سانپ کے کاٹے کے علاج کے لئے ذیل کا عمل نہایت سریع الاثر ہے۔

اس مقصد کے لئے فوری طور پر ڈنگ کی جگہ پر باوضو حالت میں انگشت شہادت سے اسم الٰہی "یَااَحَدُ" کا حصار باندھیں اور پھر ایک سو ایک مرتبہ "یَااَحَدُ" پڑھ کر اس جگہ پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم زہر کا اثر فوری طور پر زائل ہو کر آرام و سکون مل جائے گا۔

درد قولنج

درد قولنج سے فائدے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے مطلوبہ جگہ پر انگشت شہادت سے باوضو حالت میں تین مرتبہ

"**یَابَسِیطُ یَاکَرِیمُ**" لکھیں اور اس جگہ پر اس اسم الٰہی کا پانچ سو مرتبہ ورد کر کے نہ صرف دم کریں بلکہ پانی بھی دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند یوم کے عمل سے اس مرض سے مکمل چھٹکارا مل جائے گا۔

مستجاب الدعوات بننا

☆ جو کوئی مستجاب الدعوات بننے کا خواہاں ہو تو اس کے لئے لازم ہے کہ وہ اسم الٰہی "**یَامَلِیکُ**" کا ورد بکثرت کیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت وہ جس کسی کے لئے بھی دُعا کرے گا وہ بفضل الٰہی فوراً قبولیت کا درجہ پائے گی۔

☆ جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ وہ بارگاہ ایزدی میں مستجاب الدعوات بن جائے اور اس پر اسرار الٰہی منکشف ہوا کریں اور وہ بارگاہ ایزدی میں درجہ مقبولیت حاصل کر لے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے پرہیز جلالی و جمالی اختیار کرے اور نوچندی سوموار سے اس عمل کو شروع کرے نماز عشاء کے بعد اس عمل کے لئے باقاعدہ وقت مقرر کرے نماز پنجگانہ اور امور شرعیہ کی پابندی کرے اور امور منہیہ سے گریز کرے ایسی جگہ کا انتخاب کرے جہاں کسی بھی قسم کا شور شرابا نہ ہو اور نہ ہی کسی قسم کی مداخلت کا خدشہ ہو۔

سب سے پہلے تین یوم کے روزے لازماً رکھے۔ پاک صاف ہو، صاف لباس اور تازہ غسل و وضو کے ساتھ اس عمل کو شروع کرے۔

سب سے پہلے دو رکعت نماز نفل اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سات مرتبہ سورۂ کافرون اور سات مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے پھر بعداز سلام پھیرنے کے اول و آخر درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر سورۂ **حٰمٓ السجدہ** کو تعوذ اور بسم اللہ شریف کے ساتھ شروع کرے جب سورۂ مبارک کا پہلا رکوع ختم ہو تو

اول سات مرتبہ سورۂ فاتحہ اور بہتر مرتبہ اسم الٰہی **یَابَاسِطُ** پڑھے۔

پھر دوسرے رکوع تک پڑھے اور اس کے بعد سورۂ فاتحہ اور **یَابَاسِطُ** کا ورد بہ تعداد بالا کرے اس طریق سے سورۂ **حٰمٓ السجدہ** کو پڑھے ہر رکوع کے خاتمے پر سورۂ فاتحہ اور **یَابَاسِطُ** کا ورد جاری وساری رہے بعدازا ختتام درود پاک ذیل اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل سے دُعا خلوص دل سے مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے بارگاہ ایزدی میں مقبول بندہ بن جائے گا اور اس کی ہر جائز دُعا قبولیت کا درجہ پائے گی اور اس پر اسرار الٰہی بھی وقتاً فوقتاً منکشف ہوتے رہیں گے اس عمل کو رواں رکھنے کے بعد میں روزانہ بعداز نماز عشاء **حٰمٓ السجدہ** تین مرتبہ اور درود پاک ذیل اول وآخر گیارہ، گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول رکھے تاکہ عمل کی پذیرائی میں کبھی بھی رکاوٹ پیش نہ آئے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

منشیات سے چھٹکارا

منشیات سے چھٹکارے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ چالیس یوم تک ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے چینی کی طشتری پر لکھیں اور اسے پانی سے دھو کر مطلوب کو پلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت نشئی کی جان نشے سے ہمیشہ کے

لئے چھوٹ جائے گی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۲۴	۱۳۴	۱۳۵	۱۲۱
۱۲۹	۱۲۷	۱۲۶	۱۳۲
۱۲۵	۱۳۱	۱۳۰	۱۲۸
۱۳۶	۱۲۲	۱۲۳	۱۳۳

درازی عمر

درازی عمر کے خواہاں حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند، مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے ہر ماہ قمری کی ابتدائی تاریخوں میں سات یوم تک ایک ہی نشست میں اکتالیس ہزار مرتبہ اسم الٰہی "یَاوَارِثُ" پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ عزوجل اسے بہت لمبی عمر عطا فرمائیں گے۔

دشمن کو مطیع کرنا

ظالم دشمن کو مطیع کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز ہفتہ زوال سے لے کر نماز ظہر تک اسم الٰہی "یَـــا بَـــاقِـــی" کا سات ہزار مرتبہ ورد کر کے دشمن کا تصور کر کے اس کے سینہ پر پھونک

...ادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دشمن اس عمل کی بدولت مطیع ہو جائے گا اور اپنی ریشہ دوانیوں اور شرپسندیوں سے نجات پا جائے گا۔

اس کے ساتھ ہی بعداز نماز ظہر ذیل کا نقش بھی بنا کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۳	۳۴	۳۶	۲۰
۲۹	۲۷	۲۵	۳۳
۲۴	۳۱	۳۰	۲۸
۳۷	۲۱	۲۲	۳۲

مہم کا انجام اچھا ہو

مشکل ترین مہم کے اچھے نتائج حاصل کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد سریع الاثر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں اول وآخر درود شریف تجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور ستر ہزار مرتبہ ذیل کی آیت کریمہ پڑھیں اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے تیار کر کے موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بے پناہ آسانیاں اس مہم میں پیدا ہو جائیں گی اور اس کے نتائج بے حد اچھے نکلیں گے۔

آیت کریمہ:۔

یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَابَدِیْعُ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۷	۲۷	۲۸	۱۴
۲۲	۲۰	۱۹	۲۵
۱۸	۲۴	۲۳	۲۱
۲۹	۱۵	۱۶	۲۶

سورج گرہن کے بداثرات سے نجات

سورج گرہن کے بداثرات سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے سورج گرہن کے وقت ایک ہزار مرتبہ آیت کریمہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم سورج گرہن کے بداثرات سے محفوظ رہے گا۔

...ت کریمہ:۔

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَانُوْرُ

نفس امّارہ سے چھٹکارا

نفس لتارہ اور شیطان کے وسوسوں سے بچاؤ کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر باوضو حالت بنائیں پھر پیر سے جمعہ کے روز تک ظہر کے وقت سے شروع کر کے بعداز جمعہ تک الٰی ''یَاضَارُّ'' کا ورد ایک ہزار نو سو اکیس (1921) مرتبہ کریں اور اس نقش پر دم کے اسے موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہن لیں نیت چھٹکارا وساوس شیطان و نفس ... ہونا چاہیے۔

...ش:۔

یَاضَآرُّ		یَاضَآرُّ
عَلٰی شَیْطَانِ خَنَّاسِ	یَاضَآرُّ یَاضَآرُّ	عَلٰی نَفْسِ اَمَّارَةِ
یَاضَآرُّ		یَاضَآرُّ

(دائیں جانب: ...ضَآرُّ — بائیں جانب: یَاضَآرُّ)

نسوانی امراض سے حفاظت

جو کوئی عورت تمام نسوانی امراض سے محفوظ رہنا چاہتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا بے حد بہترین اور شافی ہے۔

اس مقصد کے لئے اس کا خاوند کبھی بھی اس کے پاس صحبت کے لئے
وہ اسم الٰہی ''یَامُعْطِیُ'' ستر مرتبہ پڑھ کر اپنے اور اس کے اوپر دم کرے اس
ذیل کا نقش بھی زعفران وگلاب سے بنا کر موم جامہ کر کے وہ عورت اس کو اپنے
ڈالے۔
انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم وہ عورت تازندگی نسوانی امراض سے محفوظ
رہے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۴	۴۰	۳۸	۲۷
۳۶	۲۹	۳۱	۳۳
۳۲	۳۴	۳۵	۲۸
۳۷	۲۶	۲۵	۴۱

کھوئی شے کا واپس ملنا

اگر کسی کی کوئی شے گم ہوجائے تو اس کی واپسی کے لئے ذیل کا عمل
اور مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے اول وآخر درود شریف تنجینا اکیس اکیس مرتبہ
''یَاجَامِعُ'' تین ہزار مرتبہ اور کلمات:۔
یَاجَامِعُ الْمُتَفَرِّقِیْنَ اَجْمَعْ لِیْ ضَالَّتِیْ یَاجَامِعُ

ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگنے سے وہ کھوئی ہوئی چیز واپس مل جاتی ہے۔
اس کے علاوہ ذیل کا نقش بھی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنا کر دائیں بازو پر باندھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۱	۳۵	۳۴	۲۴
۳۲	۲۶	۲۷	۲۹
۲۸	۳۰	۳۱	۲۵
۳۳	۲۳	۲۲	۳۶

مرض سرسام

مرض سرسام کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور سریع الشافی ہے۔
اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے روزانہ لکھیں اس کو پانی سے دھو کر اس پر اسم الٰہی "**یَامُقۡسِطُ**" تین سو مرتبہ پڑھ کر دم کر کے مریض کو نہار منہ پلانے سے اکیس تا اکتالیس یوم میں شفاء کاملہ حاصل ہوتی ہے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵۲	۵۵	۵۸	۴۴
۵۷	۴۵	۵۱	۵۶
۴۶	۶۰	۵۳	۵۰
۵۴	۴۹	۴۷	۵۹

پتی اچھلنا

پتی اچھلنے کے لئے ذیل کا عمل موثر ترین ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ مریض کی پیشانی پر سات مرتبہ باوضو حا
"**یَاعَفُوُّ**" لکھا جائے اور ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنا کر اس کے گلے
جامہ کر کے پہنائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم تین دن کے عمل مسلسل سے مریض اس م
نجات پا جائے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۵۱	۵۶	۴۹
۵۰	۵۲	۵۴
۵۵	۴۸	۵۳

کھوئی ہوئی دولت کا حصول

جو کوئی اپنے برے دوستوں اور نفس کی فریب کاریوں کے سبب اپنی دولت و
برباد کر چکا ہو اور پھر سے اپنی دولت اور عزت واپس پانا چاہتا ہو تو اس کے لئے
عمل بے حد اکسیر اور مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے وہ صدق دل سے اپنے افعال شنیعہ سے تائب ہو کر اسم الٰہی
مُنْتَقِمُ" کا ورد کثرت سے کرے اور اس کا نقش چاندی کے پترے پر کندہ کروا کر
ر اس اسم کا پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور اس نقش کو اپنے پاس رکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد اللہ تعالیٰ عزوجل قوت و
، عزت عطا فرمادیں گے۔

ں:-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۶۰	۱۵۷	۱۵۰	۱۶۳
۱۵۱	۱۶۲	۱۶۱	۱۵۶
۱۶۵	۱۵۲	۱۵۵	۱۵۸
۱۵۴	۱۵۹	۱۶۴	۱۵۳

سچی توبہ کی توفیق الٰہی

گناہوں سے پاکی اور سچی توبہ کے لئے روزانہ اسم الٰہی "یَاتَوَّابُ" ایک سو
مرتبہ بعداز ادائیگی نماز چاشت پڑھیں اور اس کا نقش ذیل بنا کر اس پر بھی دم کیا

کریں اس عمل کی بدولت نہ صرف سچی توبہ سے مستفید ہونگے بلکہ جس پر نگاہ اس
سے ڈالے گا اللہ تعالیٰ عزوجل اسے بھی توبہ کی توفیق بخشیں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٩٧	١٠٨	١١٠	٩٤
١٠٣	١٠١	٩٩	٢٠٦
٩٨	١٠٥	١٠٤	١٠٢
١١١	٩٥	٩٦	١٠٧

شیر خوار کی نظر بد سے حفاظت

جس کسی شیر خوار بچے کو نظر بد لگ جائے تو اس کے دفعیہ کے لئے ذیل
فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر
دو سو (200) مرتبہ اسم الٰہی "یَابَرُّ" پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے بچے
میں پہنا دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بچے کی نظر بد رفع ہوجائے گی اور آئندہ بچہ اس
ہمیشہ کے لئے محفوظ و مامون رہے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

٦٦	٧٢	٦۴
٦۵	٦٧	٧٠
٧١	٦٣	٦٨

ھنر مندی کا لوھا منوانا

ایسے افراد کے لئے لازم ہے کہ وہ روزانہ اسم الٰہی "**یَاوَالِیُ**" کا بکثرت ورد کیا کریں اور اس کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر اپنے پاس رکھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر جگہ ان کے ہنر کا لوہا مانا جائے گا اور ان کو اپنے فن کی منہ مانگی قیمت ملے گی۔ بے حد مجرب اور فائدہ مند ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

١١	١۴	١٨	۴
١٧	۵	١٠	١۵
٦	٢٠	١٢	٩
١٣	٨	٧	١٩

سب سے زیادہ عبادت کا شرف حاصل کرنا

سب سے زیادہ صحیح معنوں میں عبادت کا شرف حاصل کرنے کے خواہاں افراد کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز ہر نماز اسم الٰہی "یَــااٰخِــرُ" کا ورد دس سو اکیس مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ابراہیمی سات سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگے نیز اس کا نقش بعداز نماز فجر سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے بنا کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈالیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت زیادہ عبادت کرنے کا شرف حاصل ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۶۴	۲۷۱	۲۶۶
۲۶۹	۲۶۷	۲۶۵
۲۶۸	۲۶۳	۲۷۰

غیبی امداد کا حصول

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ مشکل حالات میں اسے غیبی مدد حاصل رہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ روزانہ بعد از ہر فرض نماز اسم الٰہی **"یَامُؤَخِّرُ"** سو مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالے نیز ذیل کا نقش بھی سفید ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے بنا کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ہر مشکل میں اسے غیبی امداد حاصل رہے گی اور اس کی دلی مراد بلا کسی پریشانی کے پردۂ غیب سے پوری ہو جایا کرے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۲۰۴	۲۱۸	۲۱۷	۲۰۷
۲۱۵	۲۰۹	۲۱۰	۲۱۲
۲۱۱	۲۱۳	۲۱۴	۲۰۸
۲۱۶	۲۰۶	۲۰۵	۲۱۹

نفس طابع فرمان ہو

☆ نفس کو طابع فرمان کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع، فائدہ مند اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے تیار کر کے خوشبو لگائیں اور اس پر اسم الٰہی **"یَامُقَدِّمُ"** ایک سو چوراسی مرتبہ پڑھ کر دم کریں موم جامہ کر کے اپنے گلے میں پہنیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت نفس ہمیشہ تابع فرمان رہے گا

آزمودہ مجرب عمل ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۳۸	۵۳	۵۲	۴۱
۵۰	۴۳	۴۴	۴۷
۴۵	۴۸	۴۹	۴۲
۵۱	۴۰	۳۹	۵۴

☆ ذیل کے عمل سے شیطان النفس ہمیشہ کے لئے مغلوب رہتا ہے۔
اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش ساعت عطارد میں زعفران وگلاب سے سبز ریشمی پارچہ پر بنائیں خوشبو لگائیں اور اس پر اسم الٰہی "**یَاقَادِرُ**" سولہ ہزار مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور موم جامہ کر کے گلے میں پہن لیں۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٦٨	۸۴	۸۲	۷۱
۸۱	۷۳	۷۵	۷۷
۷٦	۷۸	۷۹	۷۲
۸۰	۷۰	٦۹	۸۵

سخت آزمائش سے نجات

اگر کوئی کسی ایسی سخت آزمائش سے دوچار ہو جس میں اہل دنیا اس سے منہ موڑ چکے ہوں اور اپنے بیگانے سب اس سے علیحدگی اختیار کر چلے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر اور آزمودہ عمل ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ روزانہ نصف رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ نہایت یکسوئی سے شمالی جانب چہرہ کر کے کھڑی حالت میں اول وآخر درود شریف تسخیر گیارہ گیارہ مرتبہ اور اسم الٰہی **"یَــامُقْتَـدِرُ"** سات سو چالیس مرتبہ پڑھنا اپنا معمول چالیس یوم کے لئے بنا لے اور اس دوران اس نقش کو پہلے سے زعفران وگلاب سے تیار کر کے اپنے پاس رکھے اور اس پر پھونک بھی لگائے نیز اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور نہایت عاجزی سے دُعا بھی مانگا کرے۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت اس کی آزمائش کا بفضل باری تعالیٰ خاتمہ ہوجائے گا اور سب دنیا والے اور دوست احباب پھر سے اس کی جانب رجوع فرمائیں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴	۴۰۰	۲۰۰	۴۰۰	۴۰
۴۰	۲۰۰	۴	۱۰۰	۴۰۰
۱۰۰	۴۰	۴۰۰	۲۰۰	۴
۴۰۰	۴	۱۰۰	۴۰	۲۰۰
۲۰۰	۴۰۰	۴۰	۴	۱۰۰

خوف تنہائی سے نجات

تنہائی والی جگہ سے اگر خوف آئے تو فوری طور پر اسم الٰہی "یَـاوَاجِـدُ" کھلا پڑھنا شروع کردیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسی وقت خوف رفع ہوجائے گا۔

سپاٹ چھاتیاں

جن عورتوں کی چھاتیاں خواہ کسی وجہ سے سپاٹ ہوں اور باوصف علاج معالجہ کے اپنے صحیح ابھار پر نہ آتی ہوں تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ عورت گیارہ یوم تک روزانہ اسم الٰہی "یَـامَاجِدُ" کو ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے اور سینے پر پھیر لے نیز اس کا پانی بھی بنا کر پیئے اور بعدازاں اس کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنا کر گلے میں موم جامہ کر کے ڈالے۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی چھاتیوں کا ابھار اپنے عروج کی طرف آنا شروع ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴	۱۹	۱۸	۷
۱۶	۹	۱۰	۱۳
۱۱	۱۴	۱۵	۸
۱۷	۶	۵	۲۰

وساوس شیطانیہ سے نجات

وساوس شیطانیہ سے نجات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے کھانا کھاتے ہوئے اسم الٰہی **"یَاوَاجِدُ"** پڑھنا اپنا معمول بنالے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ہر قسم کے وساوس شیطانیہ سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔

نیند کی زیادتی

جس کسی کو بھی نیند کا غلبہ اکثر رہتا ہو اور وہ اس سے تنگ ہو اور کوئی علاج معالجہ کارگر نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے وہ شخص کھلا اسم الٰہی **"یَاقَیُّوْمُ"** کا ورد کرے اور جب نیند معمول پر آجائے تو چالیس دن تک پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر اول وآخر درود شریف سو سو مرتبہ پڑھے اور ذیل کے نقوش ایک سو چھپن کی تعداد میں روزانہ تیار کر کے دریا میں آٹے کی گولیاں بنا کر ڈالنے سے تازندگی خوش وخرم رہے گا اور کوئی بیماری یا آفت نزدیک نہ آئے گی آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۵۳	۴۸	۵۵
۵۴	۵۲	۵۰
۴۹	۵۶	۵۱

شافی الامراض عمل

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر چینی کی طشتری پر ذیل کا نقش زعفران و گلاب سے بنائیں اور اس کو پانی سے دھو کر اس پر ستر مرتبہ اسم الٰہی "یَاحَیُّ" کا ورد کر کے دم کریں اور مریض کو نہار منہ پلائیں۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم تین سے سات یوم کے اندر اندر شفاء کاملہ نصیب ہو جائے گی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٥	١٠	٣
٤	٦	٨
٩	٢	٧

بصیرت میں اضافہ

بصیرت میں اضافہ کے لئے یہ عمل بے حد اکسیر اور آزمودہ ہے۔

اس مقصد کے لئے نیک ساعت میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے چینی کی طشتری پر بنائیں اور اس کو پانی سے دھو کر اس پر اسم الٰہی "یَامُحْیُّ" ایک سو اڑتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس پانی کو پئیں۔

انشاء اللہ تعالٰی العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل مسلسل سے بصیرت میں بے پناہ اضافہ ہو جائے گا اگر اس عمل کو تازندگی جاری رکھیں تو کبھی بھی بصیرت میں کمی نہ ہوگی۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۲۹	۴۴	۴۳	۳۲
۴۱	۳۴	۳۵	۳۸
۳۶	۳۹	۴۰	۳۳
۴۲	۳۱	۳۰	۴۵

علاج بھگندر

اگر کسی کو بھگندر کا مرض ہوگیا ہو اور علاج معالجہ سے درست نہ ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور اکسیر ہے۔

اس مقصد کے لئے چالیس عدد ذیل کے نقوش باوضو حالت میں زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں ان نقوش پر سورۂ حٰمٓ السجدہ اور سورۂ رحمان گیارہ، گیارہ مرتبہ اور درود شریف ذیل اول وآخر اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کے علاوہ اسمائے الٰہی یَارَحْمَانُ یَارَحِیْمُ پانچ سو چھپن مرتبہ پڑھ کر بھی دم کریں۔

اب روزانہ ایک نقش پانی میں حل کریں اور مریض کو دن میں وقفے وقفے سے پلائیں۔انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے بھگندر کا جڑ سے خاتمہ ہوجائے گا اور آئندہ کبھی بھی یہ مرض لاحق نہ ہوگا۔

نقش:۔

الرحمٰن بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الرحیم

خَلَقَ الْاِنْسَانَ ○ يَخْرُجُ مِنْهُمَا

اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِيْمُوْٓا اِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَآئِقَ

مشورۂ الٰہی

اگر آپ کو کسی بھی مسئلہ میں استخارہ کی صورت پیش آئے اور آپ اللہ تعالیٰ عزوجل سے مشورے کے طالب ہوں کہ مسئلہ درپیش میں حق بات کیا ہے اور میرے لئے کون سا کام کرنا مفید اور نافع ہے تو اس کے لئے ذیل کا طریق استخارہ بے حد نافع اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے نوچندی جمعہ یا مجبوراً دیگر جمعہ کے روز اس عمل کو اس طریق سے کریں کہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور پھر ذیل کی آیات مبارکہ و اسمائے الٰہی بہ ترتیب ذیل ورد کریں۔

☆ بعداز نماز فجر (ایک سو ایک مرتبہ)

☆ بعداز نماز جمعہ (ایک سو دو مرتبہ)

☆ بعداز نماز عصر (ایک سو تین مرتبہ)

☆ بعداز نماز عشاء (چار سو چھ مرتبہ)

نماز عشاء کے بعد اس عمل کو کرتے ہی فوری طور پر بستر پر قبلہ رخ چہرہ کر کے اس دُعا کے ساتھ سو جائیں اے الٰہی فلاں کام میں مجھے جو تشویش و فکر لاحق ہے اس کے بارے میں مجھے بطفیل جناب احمد مجتبےٰ حضرت محمد مصطفےٰ ﷺ آگاہی فرما اور صراط مستقیم کی جانب میری راہنمائی فرما تاکہ میں اس کام کے نفع اور نقصان سے آگاہ ہو کر سیدھی راہ اختیار کر سکوں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اول تو پہلے روز ورنہ زیادہ سے زیادہ تین روز کے اندر اندر خواب میں اللہ تعالیٰ عزوجل مکمل راہنمائی فرماتے ہوئے اصل بات سے آگاہ فرمائیں گے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَاوَمُرْشِدِنَا وَرَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَطَیِّبِ ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

آیات مبارکہ و اسمائے الٰہی:۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ ٥ یَاخَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ٥ یَابَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاھِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا ٥ بحق

قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ ٥

وَیٰسٓ ٥ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ ٥ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِیْنَ ٥

نوٹ:۔ اس عمل کے لئے اولاً نوچندی جمعہ یا پھر دوسرا قمری جمعہ بہترین وقت ثابت ہوتا ہے اس کے علاوہ عمل مصلّے پر بیٹھ کر پڑھا جائے بستر پر لیٹ کر نہ پڑھا جائے تاکہ عمل کا مکمل اثر ظاہر ہوجائے۔

جن و انس خوف کھائیں

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ تمام جن بھوت پریت انس درند وغیرہ اس کی ہیبت سے خوف کھائیں تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر ہے۔

اس مقصد کیلئے شیر کی کھال پر باوضو حالت میں بروز اتوار پہلی ساعت میں ذیل

کا نقش بنا کر اس اسمائے مبارک کو ایک ہزار مرتبہ ورد کر کے دم کر کے اپنے پاس رکھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم درند، جن، وحشی انسان اس کی ہیبت سے شدید خوف کھائیں گے اور اس کے نزدیک نہ آئیں گے۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۴	۲۸	۳۱	۱۷
۳۰	۱۸	۲۳	۲۹
۱۹	۳۳	۲۶	۲۲
۲۷	۲۱	۲۰	۳۲

قَوِيُّ قَدِيرُ [illegible] [illegible]

قَائِمُ قَدِيمُ

بے شمار خوبیوں کا حامل عمل

ذیل کا عمل بے شمار خوبیوں کا حامل ہے اور عطیۂ روحانی شاہ اشرف سمنانی کچھوچھوی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے فقیر نے بے شمار مرتبہ اس کو آزمایا ہے اور مفید و نافع پایا ہے۔اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش مندرجہ ذیل طریقوں سے تیار کر کے استعمال میں لایا جائے۔

1۔ برائے نجات آسیب وغیرہ

اس مقصد کے لئے تانبے کے پترے پر اس نقش کو ساعت عطارد میں کندہ کروا کر اس پر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ، کلمہ طیبہ تین سو تیرہ مرتبہ، الحمد شریف بمعہ وصل بسم اللہ شریف مریض کے نام کے اعداد کے مطابق جس میں آیت:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُوَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

ہر مرتبہ اکتالیس مرتبہ دھرائی جائے پڑھ کر دم کرلیں اور اس کو سبز کپڑے کی تھیلی میں رکھ کر مریض کے گلے میں پہنادیں نیز مریض کو اکیس یوم تک تین سو تیرہ مرتبہ اسم الٰہی اَللّٰهُ عَلِیُّ" پڑھ کر پانی دم کر کے اس سے غسل بھی کروائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مریض آسیب، بھوت، پریت وغیرہ سے چھٹکارا مل جائے گا بعداز صحت نیاز مولا حسب توفیق پکا کر تقسیم کردیں۔

2۔ برائے شفاء روحانی امراض

روحانی امراض سے شفاء کے لئے اس نقش کو ساعت قمر میں سات عدد اس طریق سے تیار کریں کہ اول چار رکعت نماز نفل بہ نیت شفائے امراض روحانیہ اس طرح ادا کریں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اخلاص گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور بعداز سلام پھیرنے کے بسم اللہ شریف گیارہ ہزار مرتبہ، کلمہ طیبہ گیارہ سو گیارہ مرتبہ، سورۂ فاتحہ بمعہ وصل بسم اللہ شریف ایک سو گیارہ مرتبہ جس میں ہر مرتبہ آیت مبارکہ:۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُوَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

کا ورد ایک سو گیارہ مرتبہ ہو پڑھ کر ان نقوش پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

ہر گیارہ روز کے لئے ایک نقش پانی کی بوتل میں حل کر کے اس کو استعمال کریں اور اس طریق سے سات عدد نقوش کا پانی صبح و شام استعمال کرنے اور روزانہ رات

کو بعداز نماز عشاء آیت مبارکہ:۔

اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ

ایک سو اکیس مرتبہ اول وآخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بڑے سے بڑا روحانی مرض بفضل باری تعالیٰ ختم ہوجائے گا اور انمٹ حُب الٰہی پیدا ہوجائے گی ہر جمعرات کو حسب توفیق نیاز بارگاہ رسالتمآب ﷺ بتوسل اپنے مرشد پاک اور حضرت سیّد محمد اشرف سمنانی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پیش کر دیا کریں اور اپنی تمام خطاؤں کی معافی بھی مانگا کریں۔

اس بات کا خصوصی خیال رکھیں کہ امور شرعیہ اور اکل حلال کی پابندی اشد ضروری ہے نیز بعداز صحت یابی بارہ نوافل شکرانہ الٰہی بھی ادا کریں۔

اس کے علاوہ اس نقش کے اور بھی بہت سے فوائد فقیر کے مشاہدہ میں آئے ہیں جو بیان سے باہر ہیں (ان اعمال کی اجازت دی جاتی ہے)۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

نقش:۔

الحمد للہ رب العالمین ○ الرّحمٰن الرّحیم ○

مالک یوم الدین ○ ایّاک نعبدو ایّاک نستعین ○

اھدنا الصراط المستقیم ○ صراط الذین

انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم

ولاالضالین ○ آمین

ہر آزمائش سے نجات

دینی و دنیاوی آزمائشوں میں مبتلا حضرات کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور سریع الاثر ہے بالخصوص اس صورت میں جب ہر شخص مُنہ موڑ چکا ہو اور ماسوا اللہ تعالیٰ عزوجل کوئی پرسان حال نہ ہو تو ایسے میں اس عمل سے استفادہ ضرور کریں۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش تانبے کے پترے پر ساعت شمس یا مشتری میں کندہ کروائیں۔

اب روزانہ طلوع آفتاب کے وقت اس کی طرف چہرہ کر کے کھڑے ہوجائیں اس نقش کو اپنے دائیں ہاتھ میں پکڑ کر اس پر نگاہ مسلسل جمائے رکھیں اول وآخر درود شریف ذیل اکیس اکیس مرتبہ پڑھ کر اسم الٰہی **"یَاقَدِیْر"** کا ورد سولہ سو مرتبہ کریں پھر ایک تسبیح ذیل کے کلمات پڑھیں۔

یَااَللّٰہُ یَاقَدِیْرُ قدرت تیری کی حکمت ہے نرالی
بے بسی میری دور فرما قدرت اپنی کا رنگ دکھلا
نجات دے مجھے اس مشکل سے یا مشکل کشا
بحق لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰہِ

بعدازاں اللہ تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعا مانگیں اس عمل کو اکیس یوم تک بلاناغہ جاری رکھیں جیسے جیسے سورج بلند ہوتا جائے گا مشکل اور مصیبت کے اندھیارے دور ہوتے جائیں گے اور رحمت الٰہی کا نزول جاری و ساری ہوگا۔

بعدازنجات مشکل چار رکعت نفل شکرانہ الٰہی ادا کریں اور حسب توفیق نیاز حضور غوث الاعظم رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ پکا کر تقسیم کردیں اس نقش کو کسی سبز کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس بٹوے میں رکھ لیں تاکہ آئندہ کسی مشکل سے واسطہ نہ پڑے آزمودہ اور مجرب عمل ہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ یَارَبَّنَا یَاکَرِیْمُ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَجَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ دَائِمًا اَبَدًا

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ق	د	ی	ر	اللہ
د	۸۱	۷۸	۷۱	۸۴
ی	۷۲	۸۳	۸۲	۷۷
ر	۸۶	۷۳	۷۶	۷۹
اللہ	۷۵	۸۰	۵۸	۷۴

احب عطرئیل بحق قاف قدیر

برائے همه اقسام مهمات

(عطیہ از قاضی نور الٰہی نقشبندی مظفر آباد)

ہمہ اقسام کی مہمات میں کفایت پانے کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور سریع الحاجات ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ فجر کی نماز کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان اول و آخر درود شریف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ اور درمیان میں:۔

اُحِبُّ یَاجِبْرَئِیْلُ بحق بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جملہ حاجات (یہاں اپنی حاجات کا تصور رکھیں) **رواں گردانی و مقصود ماحسب الدُّعا برآوراں گراں بحق یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاکَافِیْ یَابَاقِیُ**

پڑھیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور دُعا مانگیں یہی عمل بعداز نماز مغرب بھی ادا کریں نیز ذیل کا نقش بھی بنا کر اس پر دم کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چالیس یوم کے عمل مسلسل سے مقصود بفضل الٰہی حاصل ہوگا بعداز چلہ اس نقش کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے اپنے بٹوے میں رکھیں اور روزانہ صبح و شام اس کا ورد اول وآخر درود شریف ذیل تین تین مرتبہ اور انہی کلمات کا گیارہ مرتبہ جاری رکھیں تاکہ عمل کی تسخیر و اثر ہمیشہ جاری و ساری رہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْكَ وَاَسْئَلُكَ بِالصَّلٰوۃِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَۃِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرَوَّۃِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمُوَدَّۃِ وَمَعْدَنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمُحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنَ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ ہر روز جتنی تعداد پڑھے آخر میں یہ دُعا ضرور ملا کر پڑھے **یَــا مُــؤَلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَۃِ وَالْاُلْفَۃُ فِیْ اُلْفَۃِ اُلْفَتِكَ یَا مُؤَلِّفُ**

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ فِیْ عَیْنِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ فِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْرًا وَجْهِیْ تَسْخِیْرًا وَسَخِّرْ فِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْرًا کَثِیْرًا دَائِمًا یَا مُسَخِّرَ تَسْخَرْتَ بِالتَّسْخِیْرِ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِکَ یَا مُسَخِّرُ

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یا بدوح

۱۹۸	۵۲۴	۶۶
۱۳۲	۲۶۴	۳۹۴
۴۵۸	اجب یاجبرئیل بحق بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ جمله حاجات رواں گردانی و مقصود ماحسب الدعا برآوراں گراں بحق یارحمن یارحیم	۳۸۲

یا کافی

ضعف بصر کا اکسیری

نسخہ فقیری

آنکھوں کی جملہ بیماریوں بالخصوص ہمہ اقسام کی ضعف بصر کے لئے ذیل کا اکسیری نسخہ فقیری لاجواب اور زوداثر ہے اس کے استعمال سے ہر قسم کی عینک بفضل باری تعالیٰ اتر جائے گی۔

اس کے لئے کسی مٹی کے چھوٹے کورے برتن میں ذیل کا نقش موٹے مارکر سے بنائیں اور اس میں سونف کا عرق ڈال کر اس کو بھرلیں اس پر اسی آیت و کلمات مبارکہ کا تین دن اکتالیس مرتبہ روزانہ ورد کر کے دم کریں اب اس عرق کو سونف کو کسی بوتل میں محفوظ کر لیں۔

بازار سے خالص سرمہ کی ڈلی لائیں اور اس کو سونف کے عرق میں اس طرح کھرل کریں اور باریک پیسیں کہ سارا عرق سرمہ میں مکمل جذب ہو جائے اب یہ سرمہ اکسیری تیار ہے روزانہ رات کو سوتے وقت دونوں آنکھوں میں دو دو سلائی سرمہ ڈالیں کچھ عرصہ کے مستقل استعمال سے ضعف بصر اور آنکھوں کی دیگر بیماریاں درست ہوجائیں گی۔
آزمودہ مجرب نسخہ ہے۔

آیت و کلمات مبارکہ:۔

لَقَدْ كُنتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَ كَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْد" بِحَقِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ" صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَابَصِيْرُ يَانُوْرُ يَاشَكُوْرُ بِحَقِّ يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ يَاشَافِيْ

نقش:۔

نقش اسم اعظم

(اخذ کردہ از شمس المعارف بونی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ عطیہ

از سیّد کبیر تابیت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ بذریعہ امام خوارزمی)

نوٹ:۔ فقیر نے اس کو بعض مواقع پر آزمایا ہے اور اس سے بے پناہ فوائد جسمانی روحانی حاصل کئے ہیں۔

اسم اعظم کے فوائد دنیاوی

1۔ جائز حاجات کے لئے

اعلیٰ حکام سے مطلب برآری کے لئے اس نقش کو مشک و زعفران سے سفید ریشم کپڑے پر لکھیں، خوشبو لگائیں اور اس پر سورۂ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی یا اللہ چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ اول وآخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اس کو موم جامہ کر کے اپنی ٹوپی یا عمامہ کے اندر رکھ کر حکام بالا کے پاس جاتے ہوئے پہلے الحمد شریف اور پھر آیت الکرسی سات سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک لگائیں اور پھر کھلا اسم الٰہی یااللہ کا ورد کرتے ہوئے جائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حاکم نہایت عزت و احترام سے پیش آئیں گے اور جائز حاجت برلائیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَۃِ ذَاتِكَ

2۔ تسخیر خلائق

اس کے لئے ہر روز باطہارت اس نقش مبارک کی زیارت صبح سورج طلوع وقت اس کی طرف رخ کر کے کرے اور اس وقت سورۂ الحمد شریف و آیت الکرسی اکیس اکیس مرتبہ اور اسم الٰہی اللہ چھیاسٹھ مرتبہ بمعہ درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو بفضلہٖ باری تعالیٰ بہت جلد مخلوق مقبول خدا بن جائے ہر شخص نہایت عزت آبرو سے پیش آئے اور دلی محبت کی نگاہ سے دیکھے اور ہر جائز امر و حکم بجا لائے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

3۔ وضع حمل میں آسانی

اس کے لئے اس نقش کو ہرن کی جھلی پر گلاب و زعفران سے بنا کر اس پر سورۃ الحمد شریف اکتالیس مرتبہ، آیت الکرسی اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی یا اللہ گیارہ سو مرتبہ، اول و آخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرکے حاملہ عورت کے گلے میں ڈالیں۔وضع حمل بفضل باری تعالیٰ نہایت آسانی سے ہو اور زچگی کی تکالیف سے عورت محفوظ و مامون رہے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طِبِّ الْقُلُوْبِ وَدَوَائِهَا وَعَافِيَةِ الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ وَضِيَآئِهَا وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ وَّخَلَائِقَ

4۔ برائے مرگی

اگر مرگی والے کو ہرن کی جھلی پر زعفران وگلاب سے بنا کر اس پر ایک سو ایک مرتبہ سورۃ الحمد شریف بمع وصل بسم اللہ شریف، آیت الکرسی ایک سو ایک مرتبہ، اسم الٰہی

یا اللہ چھ سو چھیاسٹھ مرتبہ بمعہ اول وآخر درود شریف ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اس کے گلے میں باندھیں تو مرگی والے مریض کو شفاء کاملہ حاصل ہو۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذَرَّۃٍ مَّائَۃَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

5۔ حل المشکلات

شدید قسم کی مشکلات کے حل کے لئے عمل بالا کی طرح نقش تیار کر کے موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھیں اور روزانہ رات کو دو رکعت نماز نفل اس طریق سے پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص تین مرتبہ اور آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھنا ہے بعداز سلام پھیرنے کے اول وآخر درود شریف تجینا اکتالیس اکتالیس مرتبہ اور اسم الٰہی یااللہ کا چار ہزار تین سو چھپن مرتبہ پڑھ کر دُعا مانگنا ہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ یوم کے اس عمل مسلسل سے وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

6۔ روحانی مدارج کے لئے

اس نقش کو ساعت شمس میں چاندی کی لوح پر باوضو حالت میں کندہ کروائیں اور پھر اس نقش کو رات کو بعداز نماز عشاء اپنے سامنے رکھ کر اول وآخر درود شریف تسخیر اکیس، اکیس مرتبہ، سورہ فاتحہ بمعہ بسم اللہ شریف اور آیت الکرسی گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسم الٰہی یا اللہ کا ذکر اس قدر کثرت سے کریں کہ حال غالب آجائے اور اپنی ہوش نہ رہے لیکن اس سے پہلے یہ دُعائے خلوت خشوع وخضوع سے ضرور سات مرتبہ مانگیں پھر نظارہ الٰہی اور روحانی کشف سے مستفید ہوں لیکن یاد رہے کہ یہ کام خلوت میں کیا جائے اور پرہیز جلالی

و جمالی، امور شرعیہ اور نماز پنج وقتہ کی پابندی کی جائے۔

دُعائے خلوت

اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَسْئَالُكَ بِمَاسَئَالَكَ بِهٖ جِبْرَئِيْلُ عَنْهُ عَرْشِكَ الْعَظِيْمِ اَنْ تَسْخَرَلِیْ مَلَائِكَتِكَ الْكِرَامِ خُدَامِ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ، اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ كَسْفِيَائِيْلُ وَدَرْدِيَائِيْلُ وَشَخِيَائِيْلُ وَطَوْطِيَائِيْلُ وَرَوْقِيَائِيْلُ وَسَمْعِيَائِيْلُ وَطَغْتَائِيْلُ وَجِبْرَائِيْلُ وَمِيْكَائِيْلُ وَسَمْسَائِيْلُ وَصَرْفِيَائِيْلُ اَجِيْبُوْا اِتِّيْهَاءَ الْمَلُوْكَ وَالرُّوْسَاءَ وَاَعِيْنُوْنِیْ عَلٰى قَضَاءِ حَوَائِجِیْ بحق مَاتَعْلَمُوْنَ مِنْ عَظِيْمِ سِرِّ اللّٰهِ وَبحق هٰذَ الْاِسْمِ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ بِعِلْمِكَ وَ قُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلَائِقِ وَبِاسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِی اللّٰهُ اَللّٰهُ اَللّٰهُ الْاِسْمُ الَّذِیْ فَضَّلْتَهٗ سَائِرِ الْاَسْمَآءِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَسْخَرَلِیْ هٰذِهِ الْاَرْوَاحِ وَاَنْ يَاتُوْنِیْ فِیْ نَوْمِیْ اَوْيَقْظَتِیْ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْر'' يَا اَللّٰهُ يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ

اس کے علاوہ بھی اس اسم کے بے شمار فوائد ہیں جن سے فقیر نے نہ صرف خود فائدہ اٹھایا ہے بلکہ دوسروں کو بھی فائدہ پہنچایا ہے جو بیان سے باہر ہیں لیکن یہ عمل روحانی اصطلاح کے لئے جن باتوں کا تقاضا کرتا ہے اس کے لئے کسی کامل بزرگ کا ہاتھ سر پر ضرور ہونا چاہیے ورنہ اس میدان میں بڑے بڑے رہ جاتے ہیں اور ماسوائے کفِ افسوس

کا کچھ حاصل نہیں ہوتا (روحانی مدارج کا عمل بغیر فقیر یا کسی کامل ترین بزرگ کی اجازت کے کسی بھی صورت نہ کیا جائے ورنہ ہر قسم کے نقصانات وغیرہ کا خود ذمہ دار ہوگا)۔

نقش:۔

عہدہ میں ترقی

حصول منصب یا عہدہ کے لئے ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں بنائیں اور اس پر ہر فرض نماز کے بعد اسم الٰہی **مَلِكُ** نوے مرتبہ پڑھ کر دم کیا کریں اور اسے اپنی ٹوپی یا عمامہ کے اندر رکھا کریں نیز اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا بھی مانگا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصود بہت جلد حاصل ہوگا اور پھر اس منصب یا عہدہ پر ہمیشہ کے لئے برقرار رہیں گے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سمیع — ملک

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

اَجب رومائیل بحق میم مَلِکُ

لوگوں میں قوت و ہیبت اور مقبولیت پانا

لوگوں میں قوت و ہیبت و مقبولیت اور تسخیر خلائق جن وغیرہ کے لئے ذیل کا عمل آزمودہ اور مجرب ہے یہ عطیہ روحانی شاہ حسن سنجری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کا ہے۔

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے اکل حلال اختیار کرے امور شرعیہ کی پابندی کرے۔ نماز پنجگانہ ادا کرے، پرہیز جمالی و جلالی اختیار کرے اور کوشش کرے کہ روزہ سے رہے۔

ساعت شمس نوچندی سوموار کو باوضو حالت میں سونے کی لوح پر ذیل کا نقش کندہ

کرے اور اس کی پشت پر نقش درود پاک تسخیر کندہ کرے اور اس کے بعد نصف رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ مقام تنہائی میں بیٹھ کر عمل اس طرح شروع کرے کہ اول وآخر درود پاک تسخیر اکتالیس اکتالیس مرتبہ، اسم الٰہی **یَامَالِكُ** چار ہزار مرتبہ اور آیت مبارکہ تین صد تیرہ مرتبہ:۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْر" ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ○

پڑھ کر ذیل کی دعا گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس نقش پر دم کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پنتالیس یوم کے عمل بلاناغہ سے مقصود حاصل ہوجائے گا اور نظارۂ الٰہی ہمیشہ کے لئے سامنے رہے گا مخلوق زیر ہوگی مقبولیت بے پناہ ملے۔ رکے کام جاری ہونگے، لوگوں میں ہیبت پیدا ہوگی ظالم زیر ہونگے الغرض لاتعداد فوائد حاصل ہونگے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَتَوَجَّهُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَيْكَ وَاَسْئَلُكَ بِالصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَةِ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرَوَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمُوَدَّةِ وَمَعْدَنِ التَسْخِيْرِ وَالْمُحَبَّتِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمَحْبُوْبِيْنَ

وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ

نقش:۔

سامنے کی طرف:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۳۷	۱۳	م
۳۳	ل	۲۷
ک	۴۷	۲۳

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی

الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ

مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ

مَنْ تَشَآءُ بِیَدِکَ الْخَیْرُ اِنَّکَ عَلٰی

کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ٥ تُوْلِجُ الَّیْلَ

فِی النَّھَارِ وَتُوْلِجُ النَّھَارَ فِی الَّیْلِ

وَتُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ

وَتُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَیِّ

وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ٥

پشت کی جانب:۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

۲۶۲۵	۲۶۱۱	۲۶۱۹	۲۶۲۲
۲۶۱۸	۲۶۲۳	۲۶۲۴	۲۶۱۲
۲۶۲۰	۲۶۱۷	۲۶۱۳	۲۶۲۷
۲۶۱۴	۲۶۲۴	۲۶۲۱	۲۶۱۶

دُعا:۔

یَامُؤلِّفُ تَاَلَّفْتَ بِالْاُلْفَةِ وَالْاُلْفَةُ فِیْ اُلْفَةِ اُلْفَتِكَ
یَامُؤلِّفُ اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ قُلُوْبَ الْمُؤْمِنِیْنَ كَمَا
سَخَّرْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالیٰ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ
اَللّٰهُمَّ سَخِّرْفِیْ لِسَانِیْ تَسْخِیْراً وَجْهِیْ تَسْخِیْراً
وَسَخِّرْلِیْ نَفْسِیْ تَسْخِیْراً كَثِیْراً دائماً یَامُسَخِّرُ
تَسَخَّرْتَ بِالتَّسْخِیْرِ فِیْ تَسْخِیْرِ تَسْخِیْرِكَ یَامُسَخِّرُ

تنگی فقر وفاقه سے نجات

ذیل کا عمل عطیہ محمد حیات بخش سہروردی اٹک کا ہے اور تنگی رزق و فقر و فاقہ کے لئے آزمودہ اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کا نقش مشک و زعفران سے سفید کاغذ پر باوضو حالت

میں لکھیں اور اس پر ذیل کا درود پاک تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور خوشبو لگا کر دائیں بازو پر باندھیں اور کھلا ہر وقت **یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَارَزَّاقُ** پڑھا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت بہت جلد فقر وفاقہ دور ہوجائیگا۔

نقش:۔

كهيعص كهيعص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۴۲۹	۱۴۳۲	۱۴۳۵	۱۴۲۲
۱۴۳۴	۱۴۲۳	۱۴۲۸	۱۴۳۳
۱۴۲۴	۱۴۳۷	۱۴۳۰	۱۴۲۷
۱۴۳۱	۱۴۲۶	۱۴۲۵	۱۴۳۶

حمعسق حمعسق

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ○

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِیْ اَدْرِكْنِیْ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ